# Kitab Nagri Special




www.kitabnagri.com

کتاب نگری

www.kitabnagri.com

# Kitab Nagri Special

اسلام علیکم !

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Digest

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Kitab Nagri Special

# عشق تھا دو طرفہ اب ایک طرفہ ہو گیا

## از منزہ راجپوت

مر گئی ہو لڑکی یا زندہ ہو اٹھو جلدی سے اور سب کو کھانا بنا کے دو۔۔۔مامی نے رومیسہ کے اوپر سے کمبل اتارتے ہویے کہا

ج۔جی۔۔۔ کیا ہوا اس نے ہڑبڑا کے اٹھتے ہویے کہا

مہارنی صاحبہ اٹھنا نہیں ہے یا آج یوں ہی سوتے رہنے کا ارادہ ہے۔۔مامی نے پھر سے اسے خونخوار نظروں سے گھورتے ہویے کہا

جی اٹھ گئی ہوں اور ابھی جا کے سب کا ناشتہ بنا دیتی ہوں۔۔۔رومیسہ نے بیڈ سے اتاتے ہویے کہا

Kitab Nagri Special

ہاں خود دیر تک پڑی سوتی رہتی ہے اور پھر کہتی ہے مجھے یونیورسٹی کے لئے دیر کروا دیتے ہیں۔۔۔ہاں بھائی جیسے ہم تو اس کے دوشمن ہیں ایک تو مفت خور کو پڑھا اوپر سے ان کے نخرے ہی ختم ہونے کا نام نہیں لیتے۔۔۔مامی نے اپنا روز کا لکچر شروع کر دیا تھا

یہ ان کا روز کا معمول تھا رومیسہ کو باتیں اور جلی کٹی سنانے کا۔۔۔ان کا بس نہیں چلتا تھا ورنہ وہ اسے اپنے گھر سے فوراً چلتا کرتیں۔۔۔ لیکن وہ تو یعقوب صاحب کی مہربانی تھی جنہوں نے بہن اور بہنوئی کی موت کے بعد سے اپنی اکلوتی بھانجی کو اپنے پاس رکھا ہوا تھا اور اسے اپنے بچوں کی طرح پیار دیا پڑھایا لکھایا۔۔۔

یعقوب صاحب کی اپنی گارمنٹس کی فکٹری تھی اور گھر میں بیگم شمائلہ کے علاوہ ان کے اپنے دو بچے تھے اک بڑا بیٹا زیان ملک جو کے پولیس آفسر اور دوسری چھوٹی بیٹی ماہا ملک جو 2nd year میں پڑھتی تھی جب کے ماہا سے ایک سال بڑی رومیسہ خان ان کی اکلوتی بھنجی تھی جو کے دس سال کی تھی جب ایک ایکسیڈنٹ میں اس کے ماں باپ کا انتقال ہو گیا اور تب سے ہی رومیسہ یعقوب صاحب کے پاس تھی لیکن شمائلہ بیگم کو وہ ایک آنکھ نہیں بھاتی تھی لیکن پھر شوہر کے ڈر سے برداشت کرنا پڑتا تھا لیکن شوہر کی غیر موجودگی میں وہ اپنے بدلے خوب گن گن کے لیتیں تھیں اس سے۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یار آج ایک ماہ ہو گیا پر ابھی تک میری کوئی دوست نہیں بنی یہ کیا بات ہوئی کیا میں اتنی بری ہوں۔۔۔رومیسہ نے یونی کے گراؤنڈ میں ایک طرف درخت کے نیچے بیٹھتے ہوئے سوچا۔۔۔وہ ایک ماہ سے یونی آ رہی تھی اور اسے یہ

Kitab Nagri Special

جگہ پہلے دن سے ہی بہت پسند آئی تھی لیکن اس ایک ماہ میں ابھی تک اس کی کسی سے دوستی نہیں ہوئی تھی کچھ وجہ اس کا اپنا رویہ تھا کیوں کے وہ زیادہ کسی سے گھلتی ملتی نہیں تھی بس اپنے کام سے کام رکھتی تھی۔۔۔

رومیسہ کو سب پیار سے رومی کہتے تھے۔۔۔

وہ درخت کے ساتھ ٹیک لگا کے بیٹھ گئی اور آنکھیں موند لیں۔۔۔

ارے واہ یہ ہیر تو یہاں بیٹھی ہے۔۔۔ارے اکیلے اکیلے ابھی تک کوئی مجنوں نہیں ملا۔۔۔

عمران نے قہقہ لگاتے ہوئے کہا اور باقی اس کے سب دوستوں نے بھی مشترکہ قہقہ لگایا

رومی نے ہڑبڑا کے آنکھیں کھولیں اور اٹھ کے کھڑی ہو گئی۔۔

عمران اور اس کہ گروپ پچھلے ایک ماہ سے اس کے پیچھے پڑ گیا تھا۔۔

ارے عمران ہیر کا رانجھا ہوتا ہے مجنوں تو لیلیٰ کا ہوتا ہے۔۔ان کے گروپ کی تانیہ نے ہنستے ہوئے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور سب نے قہقہ لگایا

ہاہاہا۔۔۔سہی کہا یار چلو اسے جو لینا ہو وہی لے لے گی۔۔۔عمران نے کہا

دیکھیں پلیز آپ لوگ مجھے تنگ نا کیا کریں ورنہ میں سر کو کمپلین کر دوں گی۔۔۔رومی نے ڈرتے ہوئے کہا

ہاہاہا۔۔۔اچھا اب تم ہماری شکایات کرو گی یہ سکول نہیں ہے جہاں تمہاری شکایت سنی جائے گی ہم سینئر ہیں تمہارے۔۔۔

Kitab Nagri Special

میرے ماموں آرمی آفسر ہیں سر بھی ہم سے ڈرتے ہیں تم ہماری شکایت لگاؤ سر کے ساتھ تمہے بھی کالج سے باہر پھنکوا دیں گے۔۔۔۔ہاہاہا۔۔۔تانیہ نے ہنستے ہوئے کہا

نا۔ نہیں میں کسی کو کچھ نہیں کہوں گی۔۔۔۔رومی نے جلدی سے ڈرتے ہوئے کہا

اوکے جاؤ ہمارے لیے کینٹین سے سموسے لے کے آؤ۔۔۔

جج جی۔۔۔رومی نے کہا اور جانے لگی

وہ جب سے کالج آئی تھی یہ سارا گروپ یوں ہی اسے تنگ کر رہا تھا کبھی کچھ لانے کو کہتے کبھی کوئی کام کہتے اور وہ ڈرتے ہوئے چپ چاپ سب کر رہی تھی۔۔۔کیوں کے وہ اکیلی تھی اس کے ساتھ کوئی دوست بھی نہیں تھی جو اس کا ساتھ دیتی۔۔۔

بات سنیں سر۔۔۔۔پیچھے سے کسی نے عمران کو آواز دی سب نے مڑ کے پیچھے دیکھا۔۔۔رومی بھی رک گئی

سادہ قمیض شلوار میں سر پہ تیل لگایا ہوا تھا اور آنکھوں پہ موٹا چشمہ لگایا ہوا تھا اور چھوٹی چھوٹی داڑھی منچھ تھی ۔۔۔فل پنڈو حلیہ بنایا ہوا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی فرمائیں... لگتا ہے ایک اور نمونہ آیا ہے۔۔۔ہاہاہا۔۔۔عمران نے اپنے ساتھ کھڑے محسن کے ہاتھ پہ ہاتھ مارتے ہوئے قہقہ لگاتے ہوئے کہا

وہ سر آپ عمران کا گروپ ہو۔۔۔سامنے والے نے ہچکچا کے کہا

Kitab Nagri Special

ہاں ہیں تو؟؟ محسن نے کہا

وہ پرنسپل نے آپ کو اور آپ کے گروپ کو وہاں بلایا ہے۔۔۔اس نے کہا

ٹھیک ہے۔۔۔ چلو۔۔۔ تم دونوں کو تو بعد میں دیکھیں گے۔۔۔ عمران نے کہا اور پورا گروپ جانے لگا

السلام علیکم۔۔۔اس نے ڈری ہوئی رومی کو سلام کیا

وعلیکم السلام۔۔۔رومی نے جواب دیا اور سر جھکا لیا

میرا نام ازلان حیدر شاہ ہے۔۔۔اور آپ کا۔۔۔

میرا نام رومیسہ خان ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میرا خیال ہے وہ لوگ آپ کو تنگ کر رہے تھے اسی لئے میں نے جھوٹ بول کے آپ کو بچا لیا۔۔۔۔ازلان نے چشمہ ٹھیک کرتے ہوے کہا

کیا آپ ن نے جھ جھوٹ بولا۔۔۔اب وہ لوگ آپ کو نئ چھوڑیں گے آپ کو ان کا نام کیسے پتہ چلا۔۔۔۔رومی نے ڈرتے ہویے کہا اور پھر سوال کیا

وہ لوگ جب سے یہاں آپ کو تنگ کر رہے تھے میں کھڑا سن رہا تھا کسی نے عمران نام لیا تھا اس لئے۔۔۔

Kitab Nagri Special

اور کچھ نہیں ہوتا جو ہوا دیکھا جائے گا ویسے میرا آج پہلا دن ہے آپ مجھے میری کلاس بتا دیں گی میں تھرڈ ائیر کا سٹوڈنٹ ہوں۔۔۔ازلان نے کہا

میں بھی اسی کلاس کی ہوں آپ ایک ماہ لیٹ ہیں۔۔۔ چلیں میں بھی کلاس ہی جا رہی تھی۔۔۔رومی نے کہا اور دونوں کلاس کی طرف چل پڑے

ازلان اور رومی کلاس لے کے باہر نکلے تو سامنے ہی عمران اور اس کا گروپ کھڑا تھا

ہاں بھائی کیا سمجھا تھا دونوں مل کے ہمیں بے وقوف بنا لو گے۔۔۔ کیوں بے بیٹری تو مجھے بے وقوف بنائے گا ۔۔۔عمران نے ازلان کو کالر سے پکڑتے ہوئے کہا

نہیں پلیز انھیں چھوڑ دیں۔۔۔رومی نے ڈرتے ہوئے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاہاہا۔۔۔اچھا جی تو لگتا ہے ہیر کو اپنا مجنوں مل گیا ہے۔۔۔ہاہاہا۔۔۔ عمران نے کہا اور سب نے قہقہ لگایا

ارے عمران کتنی بار کہا ہے ہیر کا رانجھا ہوتا ہے مجنوں نہیں۔۔تانیہ نے ہنستے ہوئے کہا

ہاں جی ہاں جی وہی۔۔۔ عمران نے کہا اور پھر ازلان کی طرف متوجہ ہوا

ہاں بھائی تو بیٹری جا اور جا کے میری بائیک کھڑی ہے پارک میں اسے صاف کر میں تھوڑی دیر میں چیک کروں گا

Kitab Nagri Special

اور ہیر صاحبہ آپ جا کے ہمارے لئے سموسے گرم گرم لے کے آؤ۔۔۔

عمران نے دونوں کو آرڈر دیا۔۔

جج جی۔۔۔رومی نے کہا اور اپنی راہ لی اور ازلان اپنے رستے چل پڑا۔۔۔

یار یہ کیا سینئر زہیں مجھے لگتا ہے مجھے زوہان کو بتانا چاہیے یہ ماموں کو۔۔۔پر میں نہیں چاہتی کے کوئی سکینڈل بنے اور مامی میری پڑھائی روکوادیں اور وہ لوگ آرمی فیملی کے بھی تو ہیں۔۔۔رومی نے اپنے آپ سے کہا

یااللہ میں کیا کروں اگر ایسا رہا تو میں بہت جلد یونی چھوڑنے پہ مجبور ہو جاؤں گی اور اپنی تعلیم مکمل نہیں کر پاؤں گی اور اگر تعلیم مکمل نا ہوئی تو اپنے پاؤں پہ کیسے کھڑی ہوں گی۔۔۔ نہیں نہیں مجھے سب برداشت کرنا ہو گا ۔۔۔رومی نے کہا اور ان کے لئے سموسے لینے لگی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

رومی گھر کے کام نبٹا کے جو کے مامی نے اس کے لئے بچا کے رکھے ہوتے تھے اور اس نے یونی سے آ کے کرنے ہوتے تھے۔۔۔

وہ اپنا کام نبٹا کے چھت پہ آ گئی رومی اکثر شام کو چھت پہ سکون کے لئے آتی تھی کیوں کے مامی چھت پہ نہیں آتی تھیں اپنے جوڑوں کے درد کی وجہ سے۔۔۔

رومی بیٹھی اپنی سوچ میں مگن تھی وہ آج ہونے والے واقع کے بارے میں سوچ رہی تھی کے زوہان گلہ کنگھارتے ہوئے اس کے ساتھ بیٹھا۔۔۔

Kitab Nagri Special

کیسی ہو۔۔۔زوہان نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا

ٹھیک ہوں مجھے کیا ہونا ہے۔۔۔رومی نے جواب دیا

کچھ ہونا بھی نہیں چاہیے کیوں کے میں تمہے کچھ ہونے بھی نہیں دوں گا۔۔۔زوہان نے مسکراتے ہوئے کہا

رومی اس کی اس بات پہ صرف مسکرا سکی اور پھر بولی

آپ کو کوئی کام تھا؟؟

کیوں میں تمھارے پاس ویسے نہیں آسکتا؟؟

زوہان نے کہا

نہیں ایسی تو کوئی بات نہیں۔۔۔رومی نے کہا

زوہان اور ماہا کا رویہ اچھا رہتا تھا رومی کے ساتھ لیکن زوہان کی کبھی زیادہ بات نہیں ہوئی تھی رومی سے اور وجہ اس کی امی کا مزاج تھا لیکن ماہا کی کافی دوستی تھی رومی سے وہ ہمیشہ اس کا ساتھ دیتی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا مجھے تم سے ضروری بات کرنی ہے اگر آج نا کر سکا تو پھر پتہ نہیں کبھی موقع ملے نا ملے۔۔۔زوہان نے کہا

جی کہیں۔۔۔رومی نے مسکرا کے کہا

ان دونوں میں زیادہ بے تکلفی نہیں تھی لیکن زیادہ اجنبیت بھی نہیں تھی جب بھی بات ہوتی اچھے نوٹ پہ ہوتی اگر رومی کو کوئی مدد چاہیے ہوتی تو وہ زوہان سے ہی کہتی اور وہ باخوشی اس کی مدد کرتا

Kitab Nagri Special

رومی مجھے تم سے شادی کرنی ہے میں تم سے پیار کرتا ہوں۔۔۔زوہان نے بغیر بات کو گھمائے سیدھا کہا

کیا آپ کیا کہہ رہے ہیں۔۔۔مامی میری جان لے لیں گی رومی نے حیران پریشان ہو کے کہا

ایک سکینڈ کو سب بھول جاؤ یہ بتاؤ میں تمہے کیسا لگتا ہوں۔۔؟؟؟زوہان نے پوچھا

آپ اچھے ہیں اور مجھے بھی اچھے لگتے ہیں۔۔۔پر

رومی سے صاف گوئی سے کہا

بس پھر باقی تم مجھ پہ چھوڑ دو میں بہت جلد سب کو منالوں گا شادی کے لئے اور تمھارے پیپرز کر بعد ہم شادی کر لیں گے۔۔۔ سہی ہے اب تم جاؤ نیچے آرام کر لو۔۔۔۔زوہان نے خوشی اور پیار سے کہا

پر پلیز ابھی کسی سے کچھ مت کہنا آپ رومی نے التجا کرنا ضروری سمجھا۔۔۔

اوکے۔۔۔اب تم جاؤ ریسٹ کرو تھک گئی ہو گی۔۔۔زوہان نے کہا

رومی چپ چاپ اٹھ کے نیچے آگئی

رومی نے زوہان کے بارے میں سوچنا شروع کیا تو اسے خوشی محسوس ہوئی۔۔۔

یونی میں ازلان اور رومی کی عمران اور اس کا گروپ خوب درگت بناتے اور دونوں چپ چاپ سب سہ لیتے کیوں کے دونوں کو اپنی پڑھائی مکمل کرنی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Kitab Nagri Special

تین چار ماہ میں ازلان اور رومی کی کافی دوستی ہو گئی تھی۔۔۔

آج سنڈے کا دن تھا رومی اپنے کمرے کی صفائی کر رہی تھی۔۔۔کے ایک دم ماہا اندر داخل ہوئی

رومی رومی جلدی سے تیار ہو جاؤ ہم باہر جا رہے ہیں۔۔۔

ماہا نے اسے جلدی سے کہا

ارے ماہا کی بچی جلدی سے نکلو یہاں سے مجھے صفائی کرنے دو اور ابھی بہت کام پڑا ہے مجھے کہیں نہیں جانا۔۔۔

رومی نے کہا

کیا مطلب بھائی اور میں جا رہے ہیں بھائی نے کہا تمھے بھی بلا لوں اور ایسا ہو ہی نہیں سکتا کے میں جاؤں اور تم نا جاؤ ۔۔۔ چلو شاباش جلدی سے چینج کرو۔۔۔ماہا نے اسے واش روم کی طرف دھکیلتے ہویے کہا

ماہا مجھے کہیں نہیں جانا یار مامی میری جان لے لیں گی۔۔۔رومی نے بے ذاریت سے کہا

یار کچھ نہیں ہو گا ٹرسٹ می۔۔۔ میں ہوں نا اور بھائی کے ساتھ جایں گے شام تک واپس آ جایں گے اور بھائی نے بابا سے پوچھ لیا ہے۔۔۔

ماہا نے اسے آگے کا لائحہ عمل بتایا

اچھا۔۔۔زوہان کہاں ہیں۔۔۔رومی نے پوچھا

Kitab Nagri Special

وہ نیچے ویٹ کر رہے ہیں جلدی کرو۔۔۔ ماہا نے جلدی مچائی

اچھا اچھا جا رہی ہوں پھر پہلے بتا دیتی اب ویسے زوہان کو ویٹ کرنا پڑے گا۔۔ رومی نے فکر مندی ظاہر کی

اوے ہوے۔۔۔ بڑی فکر ہو رہو ہے بھائی کی۔۔۔ ماہا نے شرارت سے کہا

جی نہیں وہ ویسے ہی۔۔۔ رومی نے کہا اور مسکراتی ہوئی جلدی سے واش روم چلی گئی

اوہ ہو لگتا ہے یہی میری بھابھی بنے گی۔۔۔ ہائے اللہ جی رومی کو ہی میری بھابھی بنانا۔۔۔ مجھے آج ہی لگتا ہے بھائی سے بات کرنا پڑے گی اس سے پہلے کوئی اور اڑا کے لے جائے رومی کو۔۔۔ ماہا نے ہنستے ہوئے خود سے کہا

زوہان ان دونوں کو سمندر پہ لایا تھا جو کے رومی اور ماہا دونوں کی پسندیدہ جگہ تھی۔۔۔

وہ دونوں اپنی تصویریں بنانے اور اپنی باتوں میں مصروف ہو گئی تھیں

زوہان اپنی گاڑی کے ساتھ ٹیک لگا کے کھڑا ہو گیا اس کی نظریں ان دونوں پر ہی تھی جو اپنی دنیا میں مگن تھیں

۔۔۔۔

ایک دم اس کی نظر رومی پہ ٹھہر گئی جو کے ماہا کی کسی بات پہ بہت زیادہ ہنس رہی تھی رومی کی ہنسی نے اسے اپنے سحر میں جکڑ لیا تھا اس کے لئے نظریں ہٹانا مشکل ہو گیا تھا۔۔۔ زوہان نے جلدی سے اپنی آنکھوں کا زاویہ بدلہ اور ماشاءاللہ کہا۔۔۔ کے کہیں اس کی ہنسی کو اس کی اپنی ہی نظر نا لگ جائے۔۔۔

Kitab Nagri Special

اس لڑکی میں اس کی جان بستی تھی اور جب سے اس نے اپنی پسند کا اظہار کیا تھا اور بدلے میں رومی سے اپنے لئے پسندیدگی کا سن کے اسے بہت خوشی ہوئی تھی۔۔۔وہ تو خود کو خوش نصیب ترین انسان سمجھ رہا تھا۔۔۔

زوہان بھائی ادھر آئیں ہمارے ساتھ پیکچرز ہی بنالیں اب آ گئے ہیں تو _ _ _

زوہان اپنے خیالوں میں گم تھا کے اسے ماہا نے پکارا

اچھا آتا ہوں۔۔۔اس نے کہا اور ان کی طرف بڑھ گیا

ماہا نے دونوں کے ساتھ خوب سلفیاں لیں اور پھر شام کو واپسی پہ زوہان نے انھیں آئسکریم کھلائی اور گھر کے باہر چھوڑ دیا

اچھا مجھے تھوڑا کام ہے تم لوگ جاؤ میں رات تک آ جاؤں گا امی کو بتا دینا۔۔۔زوہان نے کہا

او کے بھائی۔۔۔ماہا نے جواب دیا اور رومی کو لے کے اندر چلی گئی اور زوہان گاڑی زن سے بھگا کے لے گیا

ماہا مجھے جلدی سے ساری پکس وٹس ایپ کرو۔۔۔۔رومی نے کہا

اچھا یار اتنی بھی کیا بے اعتباری رات کو کر دوں گی ابھی میں بہت تھک گئی ہوں سونے لگی ہوں۔۔۔ماہا نے شرارت سے کہا

جی نہیں ابھی بھیجو مجھے ورنہ مجھے جانتی ہو۔۔۔رومی نے اسے گھورتے ہوئے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Kitab Nagri Special

ہاہاہا۔۔۔اچھا بابا بھیج رہی ہوں۔۔۔ماہا نے ہنستے ہوئے کہا اور اسے پکس سینڈ کر دیں۔۔۔

ماہا اپنے کمرے میں چلی گئی اور رومی کو مامی نے کچن کے کاموں میں لگا لیا۔۔۔

رومی رات کو فارغ ہو کے کمرے میں آئی تو سب تصویروں کو غور سے دیکھنے لگی اور زوہان اور اپنی تصویر دیکھ کے مسکرانے لگی۔۔۔

رومی تم نے اسائنمنٹ کر لیں؟؟رومی تصویروں میں مگن تھی کے وٹس ایپ پہ اسے ازلان کا میسج آیا

ہاں کر لی ہیں۔۔۔رومی نے جواب دیا

اچھا۔۔۔اس نے کہا

اور تم نے رومی نے پوچھا

نہیں آج نہیں کر سکا۔۔۔ازلان نے کہا

کیوں نہیں کی؟؟؟رومی نے میسج بھیجا پر دوسری طرف سے اس کا میسج پڑھا نہیں گیا

رومی کلاس میں داخل ہوئی تو اس کی نظر اپنی جگہ پہ پڑی۔۔۔وہ جگہ خالی تھی مطلب آج ازلان نہیں آیا تھا ۔۔۔کیوں کے وہ ہمیشہ پہلے آتا تھا کیوں کے اس نے آتے ہی عمران کی بائیک صاف کرنی ہوتی تھی۔۔۔

رومی اپنی جگہ پہ بیٹھ گئی۔۔۔آج اس کا دل بہت اداس تھا کیوں کے اس کا اکلوتا دوست بھی نہیں آیا تھا۔۔۔

Kitab Nagri Special

اگر ازلان نے نہیں آنا تھا تو مجھے بتا دیتا میں بھی نا آتی۔۔۔پتہ نہیں کیوں نہیں آیا حالاں کے آج اتنی امپورٹنٹ اسائنمنٹ تھی۔۔۔رومی نے سوچا

رومی اور ازلان سے کوئی زیادہ بات یا دوستی بھی نہیں کرتا تھا کیوں کے سب کو معلوم تھا کے عمران اور اس کا گروپ ان کے پیچھے پڑا ہوا ہے اور جان بوجھ کے آگ میں کوئی ہاتھ نہیں ڈالنا چاہتا تھا۔۔۔

رومی پورا دن اداس ہوئی اور کلاسز لے کے گھر آ گئی۔۔۔گھر آ کے اس نے ازلان کو بہت کالز کیں پر اس کا نمبر مسلسل بند جا رہا تھا۔۔۔

رومی کو پریشانی ہوئی کیوں کے ان کی دوستی کو پانچ ماہ ہو گئے تھے پر آج تک ازلان نے یوں اپنا فون کبھی بند نہیں کیا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تین دن مسلسل رومی اکیلے ہی یونی جاتی رہی اور ازلان نہیں آیا تھا۔۔۔رومی اداس سی اپنی مخصوص جگہ جہاں وہ دونوں بیٹھتے تھے وہاں بیٹھی ازلان کے بارے میں سوچ رہی تھی۔۔۔

یار ازلان تم کیوں نہیں آ رہے میں تمہے بہت مس کر رہی ہوں پلیز جلدی سے آ جاؤ میرا تو اور کوئی دوست بھی نہیں۔۔۔رومی نے اپنے خیال میں ازلان سے کہا

Kitab Nagri Special

او ہو۔۔۔ارے ہیر صاحبہ آپ کے مجنوں۔۔۔میرا مطلب ہے رانجھا صاحب نہیں آرہے کتنے دنوں سے خیر تو ہے میری بائیک بھی بہت گندی ہو گئی ہے کتنے دنوں سے صاف نہیں ہوئی نا اس لئے۔۔۔عمران نے ہنستے ہوئے کہا اور باقی سب بھی ہنسنے لگے

پتہ نہیں م مجھے ن نہیں پتہ وہ کیوں نہیں آرہا۔۔۔رومی نے ڈرتے ہوئے کہا اور فوراً وہاں سے فرار ہو گئی کیوں کے سامنے دو ٹیچرز کھڑے اسی طرف دیکھ رہے تھے اور رومی نے اسی بات کا فائدہ اٹھایا کیوں کے ٹیچرز کے سامنے وہ لوگ انہیں کچھ نہیں کہتے تھے۔۔۔

رومی نے گھر آ کے رات کو ازلان کو فون کیا تو اس نے اٹھا لیا۔۔۔

ہیلو ازلان تم کہاں ہو؟؟ تم ٹھیک تو ہو؟؟ کیسے ہو؟؟ رومی نے اس کے فون اٹھاتے ہی بے چینی سے سوالوں کی بارش کر دی

ارے ارے لڑکی آرام سے۔۔۔۔میں کہیں نہیں گیا یہیں ہوں۔۔۔اور میں بلکل ٹھیک ہوں ازلان نے مسکراتے ہوئے کہا

اچھا تم اتنے دنوں سے یونی کیوں نہیں آرہے میں نے تمہے بہت مس کیا۔۔۔۔رومی نے اداسی سے کہا

Kitab Nagri Special

اچھا۔۔۔واہ کیا بات ہے۔۔۔پھر تو میں کل ضرور آؤں گا اور آ کے نا آنے کی وجہ بتاؤں گا۔۔۔ازلان نے مسکرا کے کہا

اوکے۔۔۔رومی نے کہا

اچھا تمہے عمران لوگوں نے زیادہ تنگ تو نہیں کیا۔۔۔ازلان نے پریشانی سے پوچھا

نہیں۔۔۔رومی نے کہا

اچھا چلو کل ملتے ہیں۔۔۔ازلان نے کہا اور اللہ حافظ کہہ کے فون بند کر دیا

اگلے دن رومی کلاس میں داخل ہوئی تو سامنے ہی اسے موٹا چشمہ لگائے ازلان نظر آیا

رومی نے مسکرا کے اس کی طرف دیکھا اور اس کی طرف بڑھ گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چلو اب بتاؤ کہاں تھے اتنے دنوں سے اور فون کیوں بند تھا تمہارا۔۔۔؟؟؟

رومی بیٹھتے ہی شروع ہو گئی۔۔۔

Kitab Nagri Special

السلام علیکم۔۔۔۔رومی پہلے سلام تو کر لو۔۔۔ازلان نے اسے دیکھ کے مسکراتے ہوئے کہا

ہاں ٹھیک ہے وعلیکم السلام۔۔۔ چلو اب بتاؤ؟؟

یار کہیں نہیں گیا تھا بس بخار ہو گیا تھا اس لئے۔۔۔ازلان نے کہا

اوہ اچھا۔۔۔میں پریشان ہو گئی بتا تو دیتے اچھا اب کیسے ہو۔۔۔۔رومی نے فکر مندی سے کہا

ہاں یار بیٹری لو تھی تو فون بند ہو گیا اور مجھے اپنا ہوش نہیں تھا تو فون کو کیا دیکھتا۔۔۔اب ٹھیک ہوں

ازلان ابھی بتا رہا تھا کے سر کلاس میں داخل ہوئے۔۔۔

سر مجتبیٰ نے سب کو سلام کیا۔۔۔

سر مجتبیٰ 27 سال کا خوبرو نوجوان تھے بال اچھے سے سیٹ کئے ہوئے اور کالی شلوار قمیض پہ کالا کوٹ پہنا ہوا تھا۔۔۔وہ اپنے حلیے سے کہیں سے بھی ٹیچر نہیں لگتے تھے۔۔۔انھیں دیکھ کے بہت سی لڑکیوں کی ان پہ نظریں ٹھہر جاتیں۔۔۔یہیں وجہ تھی کے ان کی دی ہوئی اسائنمنٹ سب سٹوڈنٹس خاص طور لڑکیاں بہت شوق سے کر کے لاتیں۔۔۔وہ نا صرف لڑکیوں بلکے لڑکوں کے بھی پسندیدہ تھے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Kitab Nagri Special

اوکے سٹوڈنٹس اپنی آج کی اسائنمنٹ جمع کروائیں۔۔۔جیسا کے میں نے آپ کو پہلے بھی بتایا تھا کے ان اسائنمنٹس کے مارکس فائنل میں پلس ہوں گے تو خاص دھنان دیا کریں۔۔۔سر مجتبیٰ نے کہا اور ون بائے ون سب سے اسائنمنٹ لینے لگے۔۔۔

ازلان نے رومی کو پریشان دیکھا تو پوچھے بنا نا رہ سکا

رومی کیا ہوا؟؟؟؟

وہ۔۔۔می میں نے اسائنمنٹ نہیں بنائی۔۔۔تمہاری وجہ سے اتنی ٹینشن میں تھی کے مجھے اسائنمنٹ بنانا یاد ہی نہیں رہی اور اب سر انسلٹ الگ کریں گے اور میرے مارکس بھی کٹ جایں گے۔۔۔

بس اتنی سی بات ہے۔۔۔ازلان نے کہا اور اپنی اسائنمنٹ پہ اس کا نام لکھ کے اسائنمنٹ اس کی طرف بڑھائی

۔۔۔یہ لو اور جمع کروادو۔۔۔ازلان نے کہا

کیا۔۔۔یہ تو تمہاری اسائنمنٹ ہے پر تم تو آے نہیں کتنے دنوں سے تو تمھے کیسے پتہ کے کون سی اسائنمنٹ ملی ہے؟؟؟رومی نے حیران سے اسے دیکھتے ہوے پوچھا

بس مجھے اندازہ تھا کے آج یہی اسائنمنٹ ملی ہو گی اس لئے میں نے یہ بنالی۔۔۔ازلان نے تفصیل سے جواب میں کہا

نہیں میں یہ نہیں لے سکتی یہ تمہاری محنت ہے۔۔رومی نے انکار میں کہا

Kitab Nagri Special

رومی ہم دوست ہیں نا تو؟؟؟ جلدی لو سر ادھر ہی آرہے ہیں اور ہمیں دیکھ بھی رہے ہیں ازلان نے کہا اور جلدی سے اسائنمنٹ رومی کے ہاتھ میں پکڑا دی۔۔۔تھینک یو ازلان

رومی نے مسکرا کے کہا

مس رومیسہ اینڈ مسٹر ازلان آپ دونوں کو میں بہت دیر سے نوٹ کر رہا ہو کیا گہرے راز و نیاز کی باتیں کر رہے تھے آپ دونوں؟؟؟ سر نے دونوں کو گھورتے ہویے کہا

کچھ نہیں سر وہ ہم اسائنمنٹ کے بارے میں ڈسکس کر رہے تھے۔۔۔ازلان نے جلدی سے مسکرا کے جواب دیا

اچھا تو پھر دونوں اپنی اپنی اسائنمنٹ دیں۔۔۔ سر مجتبیٰ نے کہا

سر نے پہلے رومی کی طرف ہاتھ بڑھایا تو رومی نے جلدی سے اپنی اسائنمنٹ سر کی طرف بڑھا دی۔۔۔۔جب کے سر نے جب ازلان کی صرف رخ کیا تو ازلان چپ کر کے کھڑا ہو گیا۔۔۔

جی ازلان آپ کی اسائنمنٹ کہاں ہے؟؟ سر مجتبیٰ نے پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سوری سر میں اسائنمنٹ نہیں بنا سکا؟؟ ازلان نے سر جھکا کے جواب دیا

کیوں؟؟؟ سر نے پوچھا

اوہ وہ سر ازلان تین دن سے چھٹی پہ تھا اور اس کی طبیعت بھی خراب تھی اس لئے وہ اسائنمنٹ نہیں بنا سکا ۔۔۔اس سے پہلے کے ازلان کوئی جواب دیتا رومی جلدی سے ازلان کی حمایت میں بول پڑی

Kitab Nagri Special

اوہ۔۔۔ ok Azlaan sit down but next time no excuse....

یہ اسائنمنٹ فائنلز کے لئے ضروری ہے اس لئے آپ مجھے کل سبمٹ کروا دیجیے گا آپ کو چھوٹ آج اس لئے دے رہا ہوں کے آپ بہت اچھے سٹوڈنٹ ہیں بٹ نکسٹ ٹائم بی کیئر فل

سر نے کہا اور اگلے سٹوڈنٹس سے اسائنمنٹ لینے لگے

کلاس سے فارغ ہو کے رومی اور ازلان اپنی پسندیدہ جگہ پہ آکے بیٹھ گئے

شکر ہے یار بچ گئے اینڈ ازلان سوری تمہے میری وجہ سے۔۔۔رومی نے ازلان کی طرف دیکھ کے کہا

اٹس او کے۔۔میں کل بنا لوں گا ازلان نے بے پرواہی سے کہا

جی نہیں اب میں کل تمہے بنا کے دوں گی تم وہ سبمٹ کروانا۔۔تم نے آج بھی اتنی محنت کی اور میری وجہ سے تمہاری محنت ضایع ہو گئی۔۔۔رومی نے اداسی سے کہا

بس کرو اب بار بار یہ سب کہہ کر مجھے بور نا کرو کیا ہم دوست نہیں یا تم مجھے اپنا دوست نہیں سمجھتی؟؟؟ازلان نے تنگ آکے کہا

نہیں ایسا نہیں ہے ایک تم ہی تو میرے سچے دوست ہو یہاں پہ۔۔۔رومی نے جلدی سے صفائی پیش کی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Kitab Nagri Special

اچھا تو پھر اب ایسا کچھ نا کہنا۔۔۔اور تم نے بھی تو اپنی اسائمنٹ میری وجہ سے نئی بنائی تھی ورنہ تو تم بنا کے لاتی ہو تو اس میں ایسی کوئی بڑی بات نہیں۔۔۔ازلان نے بے پرواہی سے کہا

ہم نکلیں وہ دیکھو عمران لوگوں کا گروپ اسی طرف آرہا ہے۔۔۔رومی نے ڈرتے ہوئے کہا

ہاں چلو۔۔۔ازلان نے کہا اور دونوں کھڑے ہو گئے لیکن تب تک وہ لوگ ان تک پہنچ چکے تھے۔۔۔

اوہ ہو۔۔۔کیا بات ہے آج مجنو صاحب میرا مطلب ہے رانجھا صاحب بھی آئے ہیں۔۔۔بڑے دنوں بعد نظر آرہے ہیں رانجھا صاحب خریت؟؟عمران نے ہنستے ہوئے کہا

جی۔۔۔ازلان نے کہا اور سر جھکائے اپنے چشمے کو ٹھیک کرنے لگا۔۔۔

اوہ اچھا تو میری بائیک بہت گندی ہو گئی ہے زرا صاف کر دینا۔۔۔عمران نے حکم جاری کیا اور ازلان کا چشمہ اتار لیا

ازلان نے اپنا چشمہ لینے کی بہت کوشش کی لیکن وہ ناکام رہا

www.kitabnagri.com

اچھا یہ بتاؤ یہ کتنے ہیں۔۔۔عمران نے دو انگلیاں اس کے سامنے کرتے ہوئے ہنس کے کہا

مجھے کچھ نظر نہیں آرہا۔۔۔ازلان نے بے بسی سے کہا

رومی کو بہت دکھ ہو رہا تھا لیکن وہ بھی کیا کر سکتی تھی۔۔۔بس چپ چاپ تماشائی بنے سب دیکھ ہی سکتی تھی

Kitab Nagri Special

ارے ڈبل بیٹری چل معاف کیا تجھے آج کے لئے اتنا کافی ہے چل یہ لے اپنا چشمہ ۔۔۔ کیچ کر۔۔۔ عمران نے کہا اور چشمہ ہوا میں اچھال دیا

ازلان چشمہ دیکھنے کی ناکام کوشش کرتا رہا اور چشمہ نا پکڑ سکا اور چشمہ نیچے گر کے ٹوٹ گیا۔۔۔

عمران اور اس کا پورا گروپ ہنسنے لگا

اوہ ٹوٹ گیا چل بے بیٹری آج تجھے معاف کیا آج بائیک رہنے دے کیوں کے چشمہ تیرا ٹوٹ گیا اب نظر تو تجھے کچھ آنا نہیں تو تو کل میری بائیک یاد سے صبح آتے ہی صاف کر دینا ٹھیک ہے۔۔۔ عمران نے حکم سا دھر دیا

ج جی۔۔۔ازلان نے فوراً کہا

اور ہیر صاحبہ اپنے مجنو کو نہیں نہیں اپنے رانجھا صاحب کو چشمہ نیا لے دینا۔۔۔

ہاہاہا۔۔۔ عمران نے قہقہ لگا کے کہا تو باقی سب نے بھی مشترکہ قہقہ لگایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ان سب کے جاتے ہی رومی ازلان کو لے کے قریبی مارکیٹ آئی اور ازلان کے لئے نیا چشمہ بنوایا۔۔ تو تب جا کے ازلان کو کچھ نظر آیا

تھنک یو۔۔۔رومی۔۔۔ اگر تم نا ہوتیں تو پتہ نہیں۔۔۔ازلان نے بات ادھوری کہی

Kitab Nagri Special

اٹس اوکے۔۔۔دوستی میں تھنک یو نہیں ہوتا۔۔۔ چلو اب چلیں رومی نے کہا اور دونوں اپنے اپنے گھر کی طرف روانہ ہو گئے

پتہ نہیں ازلان کو کیوں عمران اتنا تنگ کرتا ہے میری تو خیر ہے میں برداشت کر لوں گی لیکن ازلان کے لئے مجھے کچھ کرنا ہو گا۔۔۔ ورنہ یوں تو وہ لوگ شیر ہو جایں گے

رومی فارغ لان میں بیٹھی ازلان کے بارے میں سوچ رہی تھی کے کسی نے آ کے پیچھے سے اس کی آنکھوں پہ ہاتھ رکھ دیئے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کون ہے۔۔۔ ویسے مجھے پتہ ہے ایک ہی الو کہیں کی۔۔۔ مجھے تنگ کر سکتی ہے رومی نے ہنستے ہوئے کہا پر جب اس نے ہاتھوں پہ ہاتھ رکھا تو گھبرا کے پوچھا کون ہے۔۔۔ کیوں کے وہ ہاتھ ماہا کے نہیں تھے کیوں کے رومی سمجھ رہی تھی کے ماہا ہے

اس نے جلدی سے ہاتھ جھٹکے اور چیئر سے اٹھ کے دور کھڑی ہو گئی۔۔۔

Kitab Nagri Special

رومی نے بوکھلا کے پیچھے دیکھا تو زوہان تھا۔۔۔رومی اس کی اس حرکت پہ گھبرا گئی۔۔زوہان یہ کیا حرکت ہے اگر کوئی دیکھ لیتا تو آپ کا تو کچھ نہیں جانا تھا پر میری خیر نہیں ہونی تھی۔۔۔رومی نے غصہ سے سرخ ہوتے چہرے کے ساتھ کہا

ارے اتنا گھبرنے کی کیا بات ہے اس میں ہماری شادی ہونے والی ہے۔۔۔زوہان نے مسکرا کے کہا

ابھی ہوئی تو نہیں ہے نا۔۔آپ پلیز آیندہ ایسی فضول حرکتیں مت کیجیے گا۔۔۔رومی نے اکھڑے ہویے لہجے میں کہا اور اپنے کمرے میں چلی گئی۔۔۔

اسے خود سمجھ نہیں آرہی تھی کے اس میں اتنی ہمت کہاں سے آئی تھی کے اس نے زوہان سے اتنی بتمیزی کر دی تھی پر اسے زوہان کا یوں خود کو چھونا اچھا نہیں لگا تھا۔۔۔

عورت کتنی بھی کمزور کیوں نا ہو لیکن جب بات اس کی عزت کی آتی ہے تو وہ یہ نہیں دیکھتی کے سامنے والا کون ہے اور انجام کیا ہو گا۔۔۔ایک عورت اپنی عزت کے لئے کچھ بھی کر سکتی ہے۔۔کسی کی جان لے بھی سکتی ہے اور اپنی جان دے بھی سکتی ہے۔۔۔!!!

مجھے رومی کے لئے کچھ کرنا چاہیے میں اس کا دوست ہوں تو اتنا تو مجھے اس کے لئے کرنا چاہیے۔۔۔میں تو لڑکا ہوں میری پھر خیر ہے لیکن یوں اگر عمران لوگ رومی کو پریشان کرتے رہے تو اس کی عزت پہ حرف آے گا ۔۔۔ازلان نے اپنے آپ سے کہا

Kitab Nagri Special

اگر یوں ہی چلتا رہا تو بہت برا ہو گا۔۔۔میں بھی تو ان سے مقابلہ نہیں کر سکتا وہ لوگ میری عینک توڑ دیں لیکن رومی کو یوں سب کے سامنے بے عزت کرتے ہیں مجھے بلکل اچھا نہیں لگتا میں کچھ ایسا کروں گا کے وہ عمران لوگوں کے گروپ سے بھی بچ جائے اور وہ لوگ اسے کچھ کہیں بھی نہیں۔۔۔ازلان نے ترکیب سوچی اور مسکرا کے لیٹ گیا اور آنکھیں موند لیں۔۔۔

###

رومی ہمارے فائنل ہونے والے ہیں پھر ہم لوگ الگ ہو جایں گے۔۔۔پتہ نہیں کون کہاں جائے؟؟ازلان نے اداسی سے مسکرا کے کہا

ان کو یونی میں ایک سال گزر گیا تھا جیسے کیسے لیکن عمران لوگ روز ہی کوئی نا کوئی پنگا کرتے تھے۔۔۔۔بس اب آخری ایک ماہ رہ گیا تھا اس کے بعد فائنل ہونے تھے اور اگلے سال عمران لوگ چلے جاتے کیوں کے وہ فائنل ائیر کے سٹوڈنٹس تھے

Kitab Nagri Special

ہاں پر ابھی ہمارا تو ایک سال ہے اور شکر ہے ہماری ان عمران لوگوں کے گروپ سے جان چھوٹ جائے گی ۔۔۔رومی نے ہنستے ہوئے

کہا

ہاہاہا۔۔۔ہاں یہ بھی ہے مجھے پتہ ہے کل ایک خواب آیا تھا۔۔۔ہاہاہا

ازلان نے ہنستے ہوئے کہا

کیا۔۔۔رومی نے حیرانی سے پوچھا کے ایسا کیا خواب تھا جس پہ وہ اتنا ہنس رہا تھا

پتہ ہے میں نے کل خواب میں دیکھا کے عمران تمھے تنگ کیا تو پھر میں نے اس کی ایسی چھینٹی لگائی کے کیا بتاؤں ۔۔۔ہائے کاش میں ایسا سچ میں کر سکتا۔۔۔ہاہاہا۔۔۔ازلان نے دوبارہ ہنستے ہوئے کہا

ہاہاہا۔۔۔واہ کیا خواب دیکھا

رومی نے ہنستے ہوئے کہا

کیوں نہیں ایک دن دیکھنا یہ خواب حقیقت ہو گا مجھے پورا یقین ہے۔۔۔رومی نے بھی مسکرا کے اس کی طرف دیکھ کے کہا

ازلان ابھی تک ہنس رہا تھا اور خوب ہنس رہا تھا جیسے بہت بڑا لطفہ سن لیا ہو

Kitab Nagri Special

رومی کو ازلان ہنستے ہوئے بہت اچھا لگا۔۔۔اس نے آج غور کیا تھا کے اس کی مسکراہٹ بہت خوبصورت تھی ۔۔۔گال پہ گہرا پڑتا ڈیمپل اسے اور دل کش بنا رہا تھا

یار رومی مجھے تو یہ سوچ کے اتنی ہنسی آ رہی ہے اور اگر ایسا سچ میں اگر میں نے کر لیا تو۔۔۔اف اللہ۔۔۔ازلان نے ہنستے ہوئے اس کی طرف دیکھ کے کہا

رومی اس کی مسکراہٹ میں کھوئی ہوئی تھی کے ایک دم ازلان کی آواز پہ چونک گئی اور جلدی سے نظریں جھکا لیں

ہاں۔۔۔چلو گھر چلیں دیر ہو رہی ہے مجھے رومی نے کہا اور اٹھ کھڑی ہوئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ازلان کلاس میں آیا اور اپنی جگہ پہ بیٹھ گیا وہ کافی اداس تھا کیوں کے آج رومی نے نہیں آنا تھا اور اس نے رات کو ہی ازلان کو بتا دیا تھا کے میں نہیں آ سکتی کیوں کے اسے کچھ کام تھا گھر پہ

ازلان اپنے دھیان میں تھا کے اسے اپنے پاس سے کسی لڑکی کی آواز آئی

Kitab Nagri Special

یار آج سر مجتبیٰ نہیں آے۔۔۔مجھے پتہ ہوتا تو سچ میں میں تو یونی ہی نا آتی میں تو ہر روز صرف انھیں دیکھنے کے لئے آتی ہوں۔۔۔ازلان نے اس کی باتیں سن کے جھر جھری لی اور باہر کی طرف چل پڑا کیوں کے اس کا مطلب تھا کے سر نہیں آے اور یہ کلاس فری ہے۔۔۔۔

ازلان کوریڈور سے گزر رہا تھا جہاں آس پاس کوئی نہیں تھا کے اسے ایک کلاس میں سے کچھ آوازیں آئیں جب کے کلاس کا دروازہ بند تھا۔۔۔وہ آواز سن کے فورا پہچان گیا کیوں کے بولنے والی آواز عمران کی تھی۔۔۔

یار میں نے پورا پلان بنا لیا ہے اس رومیسہ نامی ہیر کو قابو کرنے کا۔۔۔ عمران نے قہقہ لگاتے ہوئے کہا

ازلان نے رومی کا نام سن کے فورا کان دروازے سے لگا لئے۔۔۔اسے خطرے کی بو آ رہی تھی

یار وہ لڑکی اتنی بھی خوبصورت نہیں ایویں کیوں ٹائم ضایع کریں کوئی اور لڑکی دیکھتے ہیں۔۔۔عمران کے دوست محسن نے کمینگی سے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں یار بات تیری بھی سہی ہے پر یار ٹائم پاس ہی سہی شغل ہو جائے گا۔۔۔اور وہ لڑکی ہم سے دب کے بھی اتنا رہتی ہے کے ہمیں کوئی ایشو بھی نہیں ہو گا اور کسی کو کانوں کان خبر بھی نہیں ہو گی اور اس کا وہ دوست بیٹری بھی کچھ نہیں کر سکے گا۔۔۔۔

کیا کہتے ہو؟؟عمران نے مزید تفصیل بتائی اور ہنسنے لگا

ہاں۔۔۔یار چل تھوڑا کھیل لیتے ہیں اس بلبل سے بھی۔۔۔ایک اور لڑکے نے کہا

Kitab Nagri Special

ازلان ان کا پلان پورا سن کے فوراً وہاں سے رفو چکر ہو گیا

اگلے دن رومی یونی آئی تو ازلان نے نوٹ کیا وہ صبح سے بہت چپ چپ ہے اور کافی پریشان بھی۔۔۔

ازلان سے رہا نا گیا تو کلاس کے دوران ہی پوچھ لیا

رومی؟؟؟

ازلان نے پکارا تو رومی اپنے خیالوں میں تھی اس لئے سنا نہیں

رومی؟؟ازلان نے دوسری دفع تھوڑا اونچا بلایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں۔۔۔رومی نے ایک دم چونک کے کہا

کہاں کھوئی ہوئی ہو؟؟

ازلان نے پوچھا

ک کہیں بھ بھی نہیں۔۔۔کیا ہوا؟؟

Kitab Nagri Special

رومی نے گھبرا کے کہا جیسے اس نے اس کی کوئی چوری پکڑ لی ہو

تمہے کیا ہوا ہے تم اتنی پریشان کیوں ہو۔۔۔ازلان نے پوچھا

کچھ نہیں بس طبیعت ٹھیک نہیں۔۔۔رومی نے کہا اور سر جھکا دیا

سٹوڈنٹس آپ دونوں یس۔۔۔کیا یہ آپ کا فری پیریڈ ہے جو اپنی باتوں میں مصروف ہیں آپ دونوں آپ دونوں کلاس کو ڈسٹرب کر رہے ہیں مہربانی فرما کے باہر تشریف لے جایں۔۔۔

سر جو کب سے ایک سوال کر کر کے تھک چکے تھے مگر ہر دفع ناکام ہو رہے تھے اس لئے سارا غصہ رومی اور ازلان کو باتیں کرتے دیکھ کے ان پہ نکال دیا

رومی اور ازلان چپ کر کے باہر چلے گئے۔۔۔

رومی تو ویسے بھی وہاں بیٹھنا نہیں چاہ رہی تھی اور رومی کی طبیعت کی وجہ سے ازلان نے بھی کوئی مزاحمت نہیں کی اور دونوں چپ چاپ باہر آ گئے

# Kitab Nagri Special

اچھا اب فوراً سے پہلے بتا دو کے تمھے کیا ہوا ہے۔۔۔ باہر آتے ہی ازلان نے رومی سے پوچھا

کچھ نہیں بتایا تو ہے طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔۔۔

ہاں بتایا ہے لیکن اب سچ بتاؤ کے تمھے کیا ہوا ہے۔۔۔ دیکھو رومی ہم اتنے عرصے سے دوست ہیں مجھے اب اتنا تو پتہ لگ جاتا ہے کے تم کب پریشان ہوتی ہو اور کب تمہاری طبیعت خراب ہوتی ہے۔۔۔ چلو اب بتاؤ کیا ٹنشن ہے ؟؟؟ازلان نے رومی کی طرف دیکھ کے پوچھا

میری شادی فکس ہو گئی ہے۔۔۔ رومی نے سر جھکا کے کہا

واہ یہ تو بہت اچھی بات ہے نا پھر تم اتنی پریشان کیوں ہو رہی ہو۔۔۔ ازلان نے مسکرا کے کہا

نہیں مجھے شادی نہیں کرنی۔۔۔ رومی نے کہا

اچھا کس سے ہونی ہے دولہے کا نام تو بتاؤ۔۔۔ ازلان نے مسکرا کے پوچھا

زوہان سے۔۔۔ میرا کزن۔۔۔ رومی نے بے زاریت سے کہا

اوہ اچھا۔۔۔ ویسے وہ تو کافی ہنڈسم ہے اور پولیس والا بھی ہے۔۔۔ اچھی بات ہے اور ویسے بھی ایک نا ایک دن تو شادی کرنی ہی ہے تو اسی سے کر لو۔۔۔ ازلان نے اب کے بغیر اسے دیکھے کہا

ایک دم رومی کے رونے کی آواز پہ ازلان نے چونک کے اسے دیکھا

رومی۔۔۔ آر یو اوکے۔۔۔ رومی دیکھو ایسے رو نہیں پلیز۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Kitab Nagri Special

ازلان نے گھبرا کے کہا

مجھے اس سے شادی نہیں کرنی۔۔۔رومی نے روتے ہویے کہا

پھر کس سے کرنی ہے۔۔۔ازلان نے پوچھا

مجھے تم سے شادی کرنی ہے۔۔۔کیوں کے مجھے زوہان سے نئ تم سے پیار ہے۔۔۔رومی نے روتے ہویے جلدی سے کہا

کیا۔۔۔تم پاگل تو نئ ہو گئ رومی تمھے مجھ سے ہمدردی تو ہو سکتی ہے پر پیار نئ۔۔۔

رومی اس شکل سے کون پیار کر سکتا ہے۔۔۔ازلان نے اپنی طرف اشارہ کر کے کہا

مجھے یہ سب نئ پتہ مجھے پیار ہو گیا اب میں کیا کر سکتی ہوں اس میں پر میں یہ شادی نئ کر سکتی ازلان پلیز مجھے بچا لو ۔۔۔ایک ماہ بعد ہمارے پیپرز کے بعد میری شادی ہے اور میں یہ شادی کبھی بھی نئ کروں گی...میں خود کو ہی ختم کر لوں گی۔..رومی نے کہا اور جلدی سے روتے ہویے اٹھ کے وہاں سے چلی گئ اور ازلان کو گہری سوچوں میں چھوڑ گئ

###

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Kitab Nagri Special

رومی۔۔۔ازلان نے رومی کو پیچھے سے آواز دی۔۔۔

رومی بات تو سنو۔۔۔ازلان نے اس کا ہاتھ پکڑ کے روکتے ہوئے کہا

تم دو دن سے مجھے اگنور کر رہی ہو میں نے کیا کیا ہے۔۔۔ازلان نے شکوہ کیا

تو تم بھی تو یہی کر رہے ہو۔۔۔

رومی نے کاٹ دار لہجے میں کہا

پلیز ہم بیٹھ کے بات کر سکتے ہیں؟؟ازلان نے درخواست کی

اوکے...رومی نے تھوڑا سوچنے کے بعد حامی بھر لی اور دونوں کینٹین آ گئے اور ایک کونے میں بیٹھ گئے جہاں زیادہ لوگ نہیں تھے

رومی پلیز یہ سب کیا ہے تم۔۔۔پلیز ہماری دوستی تو ختم نا کرو اور تم دکھی ہو تو مجھے بھی برا لگ رہا ہے لیکن تم خود بتاؤ میں کیا کروں؟؟؟ازلان نے کہا

جب تمہے میرا درد سے کوئی سروکار نہیں تو پھر؟؟تم کیوں برا فیل کر رہے ہو ہاں واقع ہی یہ میرا مسلہ ہے مجھے خود ہو اس سے لڑنا ہے

رومی نے ازلان کی طرف دیکھ کے کہا اور اس کی آنکھیں نم ہو گئیں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Kitab Nagri Special

مجھے بھی درد ہوتا ہے تمھارے درد سے لیکن رومی تم یہ نئ جانتی کے تم سے زیادہ میں محبت کرتا ہوں تم سے اور جب سے تمھے دیکھا ہے تب سے لیکن۔۔۔ازلان نے جذبات سے کہہ کے بات ادھوری چھوڑ دی۔۔۔

کیا۔۔۔کیا کہا تم نے؟؟؟رومی نے حیرت سے اسے دیکھتے ہویے پوچھا

وہی جو تم نے سنا لیکن رومی صرف پیار کافی نہیں ہوتا۔۔میرے بارے میں تم جانتی ہی کیا ہو؟؟ہاں؟؟ازلان نے پوچھا

مجھے کچھ نہیں جاننا۔۔رومی نے جذباتی ہو کے کہا

رومی تمھے پتہ ہے میں آج تک تمھے یہ بات کیوں نہیں بتا سکا کے میں تم سے محبت کرتا ہوں۔۔؟؟کیوں کے مجھے لگا کے میری اس شکل اور حلیہ سے کسی کو کیا محبت ہو گی اور پھر میں اتنا کمزور اور ڈرپھوک ہوں ایک عمران سے تو لڑ نہیں سکتا۔۔تو تمھے کیا دوں گا ہاں؟؟؟اور جانتی ہو مجھے اپنی دو وقت کی روٹی کے لئے رات دیر تک کام کرنا پڑتا ہے خود کے لئے تو کچھ کر نہیں سکتا تمھارے لئے کیا کروں گا؟؟ہاں اب تم بتاؤ کیا میں ابھی بھی غلط ہوں؟؟؟

ازلان نے جذبات سے کہا

مجھے نہیں پتہ مجھے بس تم سے شادی کرنی ہے اور کسی سے نہیں۔۔۔ازلان ابھی ہم نکاح کر لیتے ہیں باقی سب بعد میں دیکھ لیں گے پلیز۔۔۔ورنہ ماموں میری شادی کر دیں گے۔۔۔تاکے جب شادی کے کوئی بات ہو تو میرے پاس کچھ تو ہو کہنے کو۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Kitab Nagri Special

رومی نے روتے ہوئے اسے قائل کرنے کی کوشش کی

اوکے۔۔۔ازلان نے کافی دیر خاموشی کے بعد کہا

اور دونوں چپ چاپ ایک دوسرے کو دیکھنے لگے

رومی اور ازلان نے بغیر کسی کو بتائے کورٹ میرج کر لی

رومی اور ازلان اسی درخت کے نیچے بیٹھے باتیں کر رہے تھے۔۔۔

رومی تمھارے ماموں لوگوں کو جب ہمارے شادی کا پتہ لگے گا تو انھیں بہت برا لگے گا۔۔ازلان نے رومی سے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں میں جانتی ہوں پر میں یہ بھی جانتی ہوں کے اگر ماموں کو اپنے بیٹے اور تم میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا پڑتا تو وہ اپنے بیٹے کا کرتے اور اگر میری اور زوہان میں سے کسی ایک کی خوشی چننی ہوتی تو وہ اپنے بیٹے کی خوشی ہی چنتے ۔۔۔تو پھر میں بھی کیوں کسی کی پرواہ کروں۔۔۔جب دوسروں کو میری خوشی کی پرواہ نہیں

رومی نے کہا

Kitab Nagri Special

اچھا وہ سب چھوڑو۔۔۔ایک بات پوچھوں؟؟ازلان نے مسکرا کے کہا

ہاں پوچھو۔۔۔رومی نے فراغ دلی سے کہا

تمہے مجھ میں کیا اچھا لگا۔۔؟؟کے مجھ سے محبت ہو گئی؟؟ازلان نے سوال کیا

اگر یہی سوال میں تم سے کروں تو؟؟رومی نے بھی الٹا سوال کر دیا

نہیں پہلے تم بتاؤ؟؟ازلان نے کہا

نہیں پہلے تم بتاؤ پھر میں بتاؤں گی۔۔۔رومی نے ضد کی

یار تم تو ویسے بھی اتنی خوبصورت کو عقل شکل والی ہو کوئی بھی تم سے پیار کر سکتا ہے اور میرے پاس یہ بھی نہیں ہے اب تم بتاؤ؟؟؟ازلان نے اپنا جواب دے کے پھر سے پوچھا

ازلان سچ بتاؤں کے مجھے آج یقین ہو گیا ہے کے دلوں میں محبت بے شک اللہ ہی اتارتا ہے ورنہ میں نے کبھی ایسا نہیں سوچا تھا پر ایک دم تمہاری ایک مسکراہٹ پہ میں ہار ہے اور عقل شکل سے کچھ نہیں ہوتا ہم سب کو اللہ نے بنایا ہے اور اللہ نے ہمیں جیسا بنایا ہے بہت خوبصورت بنایا ہے۔۔۔خبردار آئندہ ایسی باتیں کیں تو۔۔۔

رومی نے تفصیل سے کہا

اچھا بھائی نہیں کہتا

ازلان نے اس کی اس وضاحت پہ مسکرا کے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Kitab Nagri Special

مجھے بہت بھوک لگی ہے۔۔۔۔ایک دم رومی نے کہا

اچھا میں تمھارے لئے کینٹین سے کچھ لے کے آتا ہوں۔۔۔۔

ازلان نے کہا اور اٹھ کے چلا گیا

رومی اکیلی بیٹھی تھی کے ایک سٹوڈنٹ رومی کے پاس آیا اور رومی سے کہا

مس وہ آپ کو وہاں پہ آپ کے دوست ازلان بلا رہے ہیں اس کمرے میں۔۔۔۔اس لڑکے نے سامنے والے کمرے کی طرف اشارہ کیا جس کا دروازہ بند تھا اور آس پاس کوئی نہیں تھا کیوں کے وہ تین کمرے زرہ ہٹ کے تھے اور اس طرف کوئی آتا جاتا بھی نہیں تھا

اوکے۔۔۔رومی نے کہا اور اپنا بیگ اٹھا کے اس طرف چل دی۔۔۔

رومی کمرے میں داخل ہوئی تو کمرے میں اندھیرا تھا ایک دم کمرے کا دروازہ بند ہو گیا

Kitab Nagri

رومی نے گھبرا کے پیچھے دیکھا تو لائٹ بھی آن ہو چکی تھی اور دروازہ بند کرنے والا عمران تھا۔۔۔۔اور ساتھ میں محسن اور ان کا ایک اور دوست کامران تھا تینوں رومی کو دیکھ کے شیطانی ہنسی ہنسے

www.kitabnagri.com

تت تم لوگ۔۔۔۔تم لوگوں نے مجھے یہاں کیوں بلایا ہے۔۔۔رومی کو خطرے کی بو محسوس ہوئی

دیکھو مجھے جانے دو رومی نے پھر سے کہا

# Kitab Nagri Special

ارے ہیر صاحبہ اتنی بھی کیا جلدی ہے۔۔۔اور گھبراؤ نہیں ہم تھوڑی دیر میں تمہے فارغ کر دیں گے کیوں بھائیوں۔۔۔ہاہاہا عمران نے کہا اور تینوں دوستوں نے مل کے قہقہ لگایا

دیکھو میں کمپلین کر دوں گی پلیز مجھے جانے دو۔۔۔رومی نے روتے ہویے کہا

ہاہاہا۔۔۔اچھا بعد میں جسے کمپلین کرنی ہے کر دینا لیکن فلحال تو تمہیں یہاں سے کوئی بھی بچانے نہیں آے گا ۔۔۔اس لئے زیادہ شور کرنے کا بھی فائدہ نہیں

عمران نے خباثت سے کہا اور رومی کی طرف بڑھا۔۔۔رومی نے جلدی سے پیچھے کی طرف قدم بڑھائے اور آس پاس سے بھاگنے کی راہ تلاش کرنے لگی

یا اللہ میری عزت کی حفاظت کرنا میرے اللہ مجھ سے غلطی ہوئی جو میں نے پہلے دن ان لوگوں کی شکایت نہیں کی میرے اللہ مجھے بچا لے کسی فرشتے کو بیجھ دے۔۔۔۔رومی نے گڑگڑاتے ہویے دل میں اپنے اللہ سے دعا کی

اور ایسا تو ہو نہیں سکتا کے کوئی سچے دل سے اللہ کو پکارے اور اللہ تعالیٰ اس کی پکار نا سنیں یا کوئی سچے دل سے اللہ سے مدد مانگے اور اللہ تعالیٰ اس کی مدد نا کریں۔۔۔

عمران نے رومی کی طرف ہاتھ بڑھایا تھا کے ایک دم دروازہ زور سے کھل گیا اور ازلان سر مجتبیٰ اور دو لوگوں کے ساتھ اندر آیا۔۔۔

# Kitab Nagri Special

یہ کمرے استعمال کے نہیں تھے زیادہ بند رہتے تھے اس لئے زیادہ زور کے بغیر ہی اس دروازے کی کنڈی کھل گئی اور وہ کھل گیا۔۔۔

رومی بھاگ کے آئی اور ازلان کے گلے لگ گئی۔۔۔اسے ایک مظبوط تحفظ کا احساس ہوا

بیشک ایک عورت کی مظبوط تحفظ گاہ اس کے شوہر کی چار دیواری ہے۔۔!!!

عمران اور اس کے دوست بہت ڈر گئے اور وہاں سے بھاگنے کی کوشش کی لیکن تینوں پکڑے گے۔۔۔

حنیف صاحب آپ لوگ ان تینوں کو لے کے چلیے میں دیکھتا ہوں انہیں۔۔۔سر مجتبیٰ نے اپنے پیچھے کھڑے آدمیوں سے کہا اور وہ ان تینوں کو وہاں سے پکڑ کے لے گئے

ازلان نے نفرت سے عمران کی طرف دیکھا اور رومی کو چپ کرانے لگا جو کے مسلسل رو رہی تھی

رومی بس کرو دیکھو میں آگیا ہوں نا پلیز چپ کرو کچھ نہیں ہوا ازلان نے اسے تسلی دیتے ہویے کہا

ویل ڈن مسٹر ازلان آپ نے بہت اچھا کام کیا کے آپ نے مجھے بتایا اور آیندہ بھی کوئی مسلہ ہو تو آپ لوگوں نے مجھ سے رابطہ کرنا ہے اور مس رومی آپ کو گھبرانے کی ضرورت نہیں اب وہ لوگ کچھ نہیں کر سکتے۔۔۔اوکے

سر مجتبیٰ نے دونوں سے کہا

رومی نے تھوڑا خود پہ قابو پایا اور سر کی بات سن کے جلدی سے ازلان سے الگ ہوئی

اوکے آپ انہیں دیکھیں کوئی پروبلم ہو تو مجھ سے رابطہ

Kitab Nagri Special

کر لیجیے گا۔۔۔سر نے کہا اور باہر چلے گئے

ازلان تمہے کیسے پتہ چلا کے میں وہاں ہوں۔۔۔رومی جب تھوڑی بہتر ہوئی تو فورا ازلان سے پوچھا

رومی جس دن تم نہیں آئی تھی اس دن میں نے ان لوگوں کی باتیں سن لی تھیں اور ان کا سارا پلان بھی۔۔۔لیکن مجھے تمہے بتانا یاد ہی نہیں رہا اور پھر ہمارا سارا مسلہ آ گیا بیچ میں لیکن میری نظریں عمران پہ تھی اور جب میں کینٹین سے واپس آیا تو تم یہاں نئ تھی اور مجھے یہاں پہ کھڑے ایک لڑکے سے پتہ چلا کے تم اس کمرے میں گئی ہو ۔۔۔میں اکیلا ان کا کچھ نہیں کر سکتا تھا اس لئے میں فورا سر مجتبیٰ کے پاس گیا اور انھیں وہاں لے آیا۔۔۔ازلان نے ساری تفصیل بتائی

تھینک یو ازلان۔۔۔اگر آج تم وقت پہ نا آتے تو پتہ نہیں کیا ہو جاتا۔۔۔رومی نے۔ایک دفع پھر سے رونا شروع کر دیا تھا

اچھا بس نا جب تک میں ہوں ایسا کچھ نہیں ہو گا اب چپ کرو۔۔۔دیکھو رو کے پوری چڑیل لگ رہی ہو ۔۔۔ازلان نے اس کے آنسو صاف کرتے ہویے کہا

اچھا جیسی بھی ہوں اب تمہاری ہی ہوں۔۔۔رومی نے مسکرا کے کہا

Kitab Nagri Special

عمران اور اس کے دوستوں کو پرنسپل نے یونی سے سسپنڈ کر دیا اور اب فائنلز تک ان کا داخلہ یونی میں منع تھا۔۔۔

سر مجتبیٰ نے کہیں پہ بھی رومی کا نام نہیں آنے دیا تھا پوری یونی میں یہ بات پھیل گئی تھی لیکن کسی کو لڑکی کا نام نہیں پتہ تھا۔۔۔ جس وجہ سے رومی سکینڈلائز ہونے سے بچ گئی تھی

پیپرز کے دن نزدیک آ رہے تھے اور گھر میں رومی اور زوہان کی شادی کی تیاریاں زور پہ تھیں جس میں سب خوشی خوشی حصہ لے رہے تھے سوائے مامی کے۔۔۔ ان کا تو بس نہیں چل رہا تھا کے رومی کو کچا چبا جایں

رومی کو تھوڑی ٹینشن ضرور تھی وہ یہ سب روکنا چاہتی تھی لیکن اس سے تو کسی نے پوچھا تک نہیں تھا تو وہ انکار کیسے کرتی اور کیسے روکتی یہ اب اسے تو بس ماموں نے بتایا تھا کے اس دن اس کی شادی ہے۔۔۔ اس سے یہ نہیں پوچھا تھا کے کیا وہ خوش ہے یہ نہیں؟؟ یہ کیا وہ یہ شادی کرنا بھی چاہتی ہے یہ نہیں؟؟ بھلے انہوں نے رومی کو کتنے ہی پیار سے پلا تھا لیکن انھیں بھی اپنی اولاد سے بڑھ کے کوئی نہیں تھا

سہی کہتے ہیں کے اپنے ماں باپ اپنے ہی ہوتے ہیں۔۔۔ آج اگر میرے بھی امی بابا زندہ ہوتا تو وہ بھی میری خوشی کا خیال رکھتے مجھ سے میری مرضی معلوم کرتے۔۔۔ رومی نے خود سے کہا

ہیلو ہیر صاحبہ کیسی ہیں آپ؟؟؟ عمران رومی کے پیچھے آتے ہوئے کہا

Kitab Nagri Special

رومی یونی کے قریب ہی پہنچی تھی کے اسے عمران کی آواز آئی۔۔۔رومی نے گھبرا کے آس پاس دیکھا۔۔آس پاس کافی لوگ تھے تو اس نے دل میں شکر ادا کیا

ارے ارے ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے آج میں تمھے کچھ نہیں کہوں گا ہاں بس تھوڑا سا کام ہے تم سے اور امید ہے تم نا نہیں کرو گی۔۔۔۔عمران نے مسکرا کے کہا

کک کیا چاہتے ہو تم مجھ سے ؟؟رومی نے گھبرا کے کہا

بس کچھ زیادہ نہیں۔۔۔بس تمھے اس بیٹری کی انسلٹ کرنی ہے بلکل ویسے ہی جیسے اس نے میری بے عزتی کروائی ہے پوری یونی کے سامنے تمھے اسے بے عزت کرنا ہے۔۔۔تاکے میرے دل کو سکون مل سکے اور میں جانتا ہوں یہ کام صرف تم ہی کر سکتی ہو۔۔۔عمران نے رومی کی طرف دیکھ کے شیطانیت سے کہا

مم میں ایسا کچھ نہیں۔۔۔۔رومی نے ابھی اتنا ہی کہا تھا کے عمران نے اسے بیچ میں ہی روک دیا

آآن۔۔۔۔نہیں بے بی ڈول نا نہیں کرنی۔۔۔میں نے کہا ہے کرنا ہے تو مطلب کرنا ہے ورنہ انجام اس بیٹری کی موت ہو گا۔۔۔مجھے اپنی بے عزتی کا کسی طریقے تو اس سے بدلہ لینا ہے اب تم اس طرح سے میری مدد کر دو یہ میں اسے موت کی نیند سلا کے اپنا بدلہ لے لیتا ہوں۔۔۔اب فیصلہ تمھے کرنا ہے۔۔۔عمران نے کہا

نہ نہیں تم اسے کچھ نا کہنا۔۔۔پلیز تم جیسا کہو گے میں ویسا ہی کروں گی۔۔۔۔رومی نے ڈر کے کہا

اور عمران اسے ساری بات تفصیل سے سمجھا کے چلا گیا اور رومی کی آنکھوں سے بے بسی کی وجہ سے آنسو بہنے لگے

۔۔۔۔

Kitab Nagri Special

رومی تم کدھر تھی میں کب سے تمہارا کلاس میں انتظار کر رہا تھا آ جاؤ نوٹس بورڈ پہ پارٹی کا نوٹیشن لگا ہوا ہے آ جاؤ دیکھ کے آتے ہیں۔۔۔رومی کلاس بنک کر کے باہر گراؤنڈ میں بیٹھی تھی اور اب ازلان اسے بلا رہا تھا لیکن وہ اپنے ہی خیالوں میں کھوئی ہوئی تھی

رومی تم ٹھیک ہو۔۔۔ازلان نے اسے ہلا کے کہا

ہہ ہاں۔۔۔کیا کہا تم نے رومی نے ہڑ بڑا کے کہا

چلو نوٹس بورڈ پہ انوٹیشن لگا ہے دیکھ کے آیں۔۔۔ازلان نے کہا اور اس کا ہاتھ پکڑ کے اسے ساتھ لے گیا

دونوں کارڈ دیکھ کے پیچھے ہویے کے رومی نے اپنا ہاتھ ازلان کے ہاتھ میں دیکھا اور ایک دم زور سے ازلان کے منہ پہ تھپڑ مار دیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آس پاس بہت رش تھا ایک دم اونچے تھپڑ کی آواز پہ سب ان کی طرف متوجہ ہو گئے

ازلان آنکھیں پھاڑ کے رومی کی طرف بے یقینی سے دیکھ رہا تھا۔۔۔

Kitab Nagri Special

تمہاری ہمت کیسے ہوئی میرا ہاتھ پکڑنے کی تم نے مجھے اتنی گری ہوئی لڑکی سمجھ رکھا ہے۔۔۔رومی نے چلا کے کہا

آس پاس اور زیادہ لوگ اکھٹے ہو گئے

آیندہ کے بعد میرے قریب مت آن اور اپنی شکل مت دکھانا مجھے۔۔۔ سمجھ آئی اب دفع ہو یہاں سے ۔۔۔رومی نے کہا اور منہ موڑ لیا کیوں کے ازلان کی آنکھوں میں آنسو وہ دیکھ نہیں پا رہی تھی ۔۔۔

ازلان بغیر کوئی سوال جواب کئے جانے کے لئے مڑ گیا

ارے شکل سے کتنا شریف لگتا ہے اور حرکتیں دیکھو۔۔۔

یار یہ مڈل کلاس لڑکے یونیز میں یہی سب کرنے آتے ہیں۔۔۔

ازلان جب واپس جا رہا تھا تو اسے ایسے کئی جملے اپنے اوپر سنن کو ملے۔۔۔

وہ اس وقت وہاں سے بہت دور جانا چاہتا تھا

ازلان غصہ سے وہاں سے نکلتا چلا گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Kitab Nagri Special

ازلان کو سمجھ نہیں آ رہی تھی کے رومی کو آخر ہوا کیا ہے وہ جب سے گھر آیا تھا سوچ سوچ کے پاگل ہو رہا تھا مگر اسے ایسی کوئی بات ہی یاد نہیں آئی کے جس کی وجہ سے رومی نے یہ سب کیا ہو

آخر تھک ہار کے رو کے بھی جب ازلان کو سکون نہیں آیا تو وہ عشا کی نماز کے لئے اٹھ کھڑا ہوا کیوں کے اس کا سکوں اب صرف وہیں تھا۔۔۔

نماز ختم کر کے ازلان نے دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے تو اپنے خالی ہاتھوں کو دیکھ کے اس کی آنکھوں میں آنسو آ گئے ۔۔۔

یااللہ مجھے اپنے رستہ پہ ڈال دے اے مالک تو سب جانتا ہے

اور سب کر سکتا ہے مالک مجھے صبر عطا کر۔۔۔اے میرے پروردیگار تو جانتا ہے میں نے سچا عشق کیا تھا میرے پیار میں کوئی کھوٹ نہیں تھا۔۔۔پھر آخر کیوں بے وفائی میرے حصے میں آئی وہ میرے ساتھ ایسا کیسے کر سکتی ہے اس نے بھرے مجمعے میں مجھے رسوا کر کے رکھ دیا یااللہ وہ ایسا کیسے کر سکتی ہے وہ ایسی تو نا تھی۔۔۔ نہیں وہ ہرگز ایسی نہیں ہے یااللہ میں نے اس کی آنکھوں میں اپنے لئے پیار اور عزت دیکھی ہے لیکن پھر وہ مجھے یوں بے عزت کیسے کر سکتی ہے۔۔۔یا شاہد اسے اپنی غلطی کا احساس ہو گیا کے اسے مجھ سے شادی نہیں کرنی چاہیے تھی۔۔۔

یااللہ میں نہیں جانتا حقیقت کیا ہے میرے اللہ مجھے حقیقت سے آشنا کرا دے۔۔۔

ازلان نے روتے ہوئے اپنے اللہ سے اپنے دل کا حال بیان کیا

برداشت کر کر کے اس کی ہمت جواب دے گئی تھی اس لئے وہ اپنے اللہ سے اپنے دل کا حال بیان کر رہا تھا

Kitab Nagri Special

آپ کو کوئی چیز نہیں توڑ سکتی نا دشمن کی چال، نا کوئی مصیبت اور نا کندھوں کا بوجھ لیکن آپ کے کسی اپنے کا دھوکا اور بے یقینی آپ کو چور چور کر دیتی ہے

####

یا اللہ میں کیا کروں میں مجبور ہوں میں ازلان کو نہیں بتا سکتی کے میری محبت میرا عشق پاک ہے میں اس سے بے وفائی کا سوچ بھی نہیں سکتی لیکن یا اللہ میں مجبور ہوں اے میرے مالک تو تو دلوں کے حال خوب جانتا ہے اے اللہ تو اصلیت سے واقف ہے یا اللہ میری مدد فرما میری اس بے بسی کو ختم کر دے میرے اللہ ہماری آزمائش کو ختم کر دے یا اللہ ہماری محبت پاک ہے ہماری مدد فرما۔۔۔رومی نے گڑ گڑاتے ہوئے اللہ سے دعا کی۔۔۔

دونوں طرف دل ٹوٹے تھے تو تکلیف بھی دونوں طرف تھی مگر اپنا درد کہتے ہیں نا ہمیشہ زیادہ ہی لگتا ہے ۔۔۔کسی دوسرے کو صبر کی تلقین کرنا تو بہت آسان ہوتا ہے لیکن اصل درد سے صرف وہی واقف ہوتا ہے جس پہ گزرتی ہے۔۔۔

عمران نے جیسے کہا رومی نے ازلان کی جان کی خاطر ویسا ہی کیا۔۔۔اس نے ازلان کی عزت کا سودا کر کے اس کی جان بچانی چاہی۔۔۔

###

Kitab Nagri Special

دونوں طرف دو دل تکلیف میں تھے لیکن کوئی کسی سے کہہ نہیں رہا تھا اور نا کہنے کے قابل رہا تھا۔۔۔

اس واقع کے بعد ازلان ایک ہفتہ یونی سے غیر حاضر رہا لیکن پھر پیپرز شروع ہو گئے۔۔۔ تو اسے آنا پڑا اور نہ دل تو چاہ رہا تھا وہاں پھر کبھی نا جائے لیکن پورے سال کی محنت ضایع ہو جاتی اس لئے آ گیا۔۔۔

ازلان کی یونی میں داخل ہو کے جیسے ہی سامنے نظر پڑی تو پھر جیسے نظریں واپس آنا بھول گئی تھیں۔۔۔

سامنے ہی وہ دشمنِ جان بیٹھی تھی اور آنکھوں کے نیچے سیاہ ہلکے جب کے آنکھیں سرخ اور سوجی ہوئی تھیں جیسے آنکھیں کئی دنوں سے سوئی نا ہو اور صرف کسی کی یاد میں روتی رہی ہوں۔۔۔

ازلان کو اتنا تو یقین ہو گیا کے رومی نے اس دن وہ سب جان کے نہیں کیا تھا یقیناً اس کے پیچھے کوئی وجہ تھی اور اب وہ انتظار کرنا چاہتا تھا کے رومی خود اس کے پاس آئے اور اسے اصل وجہ بتائے۔۔۔

Kitab Nagri

ازلان اور رومی کے پیپرز ہوتے گئے لیکن دونوں ہی طرف چپ تھی کوئی بات کرنے میں پہل نہیں کر رہا تھا اور رومی کے گھر اس شادی نزدیک آ رہی تھی۔۔۔

www.kitabnagri.com

آج آخری پیپر تھا اور رومی نے ازلان سے بات کرنے کا سوچا کیوں کے کل سے اس کی شادی کی تقریبات شروع ہو جانی تھیں۔۔۔

سب پیپر حال میں اپنی اپنی جگہ پہ بیٹھ گئے تھے لیکن ابھی پیپر شروع ہونے میں پانچ منٹ تھے۔۔۔ رومی نے اپنا پنسل پاؤچ دیکھا جو کے اس کے پاس نہیں تھا شاہد باہر رہ گیا تھا

Kitab Nagri Special

سر میرا پاؤچ باہر گراؤنڈ میں رہ گیا ہے میں لے آؤں۔۔۔۔

رومی اپنی جگہ سے اٹھی اور سر سے پوچھا

جی لے آئیں لیکن جلدی آنا ہے۔۔۔ سر نے اسے جانے کی اجازت دے دی۔۔۔ازلان کی نظریں اسی پہ تھیں ۔۔۔۔

اچانک باہر گولیاں چلنے اور چیخوں کی آوازیں آنے لگیں تو سب ہی ڈر گئے۔۔۔یونی پہ دہشت گردوں نے حملہ کر دیا تھا

رو۔۔رومی۔۔۔۔رومی تو باہر گئی تھی۔۔۔۔ازلان نے سوچا اور باہر کی طرف بھگا۔۔۔۔سب اسے حیرانی سے دیکھنے لگے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جو جہاں ہے وہیں کھڑا رہے ورنہ اس لڑکی کو مارنے میں میں ایک سکینڈ نہیں لگاؤں گا۔۔۔۔دہشت گرد نے پستول رومی کے سر پہ رکھتے ہوئے کہا۔۔۔

سب اپنی اپنی جگہ سہم کے کھڑے تھے۔۔۔

ازلان نے یہ سارا منظر دیکھا تو اسے اپنی جان نکلتی ہوئی محسوس ہوئی۔۔۔

Kitab Nagri Special

یہاں پہ میجر مجتبیٰ جو بھی ہے جلدی سی باہر نکل آے۔۔۔ہم جانتے ہیں کے میجر تم یہیں ہو اور تم نے بھیس بدلہ ہوا ہے۔۔۔اگر تم آرمی والے ہوشیار ہو تو ہم بھی اتنے پاگل نہیں ہیں۔۔۔چلو اب جلدی سی باہر نکلو ۔۔۔ورنہ میں اس لڑکی کو جان سی مار دوں گا

دہشت گرد نے کہا

سر مجتبیٰ درمیان سی نکل کے سامنے آگئے اور سب سے پہلے اپنی مونچھیں اتاریں اور پھر اپنے لینز۔۔۔سب سر مجتبیٰ کی طرف حیرانی سی دیکھ رہے تھے۔۔چلو اب ہاتھ اوپر کرو۔۔۔اور تم لوگ بھی ویسے بہت تیز ہوتے ہو بھائی ماننا پڑے گا۔۔۔ویسے تم لوگوں کو ہر دفع ہمارے پلین کا کیسے پتہ چل جاتا ہے؟؟ہر دفع کی طرح تم لوگوں کو اس دفع بھی پتہ تھا کے ہم اس یونیورسٹی پہ حملہ کرنے والے ہیں۔۔۔دہشت گرد نے متاثرانہ انداز میں کہا

جب تک ہم جیسے اپنے ملک سے محبت کرنے والے موجود ہیں تم جیسے لوگ ہمارے پاکستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے ۔۔۔سر مجتبیٰ نے غصہ سے کہا

اپنا یہ ملک کا لکچر اپنے پاس رکھ۔۔۔دہشت گرد نے کہا

سر مجتبیٰ نے اپنے آس پاس نظریں دوڑائیں کافی دہشت گرد کھڑے تھے۔۔۔انہوں نے ایک اشارہ کیا

اور جس آدمی نے رومی کو پکڑا ہوا تھا اس کا دھیان اپنے اوپر نا پا کے مجتبیٰ نے جلدی سی رومی کا ہاتھ پکڑ کے اسے اپنی طرف کھینچا اور ساتھ ہی وہ آدمی زمین پہ گرا جب کے آس پاس کے لوگ بھی ساتھ ہی زمین پہ گرے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Kitab Nagri Special

مجتبیٰ نے اپنے جو آدمی پہلے دن سے یونی میں رکھے ہوئے تھے ان سب نے سلنسر والی پسٹل سی فائر کئے اور بغیر آواز کے ہی سارے دہشت گرد زمین پہ گرتے چلے گئے۔۔۔۔

جب کے جس آدمی نے رومی کو پکڑا ہوا تھا اسے گولی مارنے والا کوئی اور نہیں ازلان حیدر شاہ تھا۔۔۔۔

ازلان نے جلدی سے رومی کو پکڑ کے اپنے پیچھے کیا۔۔۔

یہ سب صرف چند سکینڈز میں ہوا تھا

سب لوگ ہونک بنے سب دیکھ رہے تھے۔۔۔۔

تمام حملہ آوروں کو مجتبیٰ اور اس کے ساتھوں نے ختم کر دیا تھا۔۔۔۔اب ہر طرف خاموشی تھی سب لوگ اندر سی باہر گراؤنڈ میں آرہے تھے۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

رومی ازلان کے پیچھے کھڑی صرف آنسو بہا رہی تھی۔۔۔۔

ازلان نے مڑ کے رومی کی طرف منہ کیا اور خاموشی سے اس کے آنسو صاف کئے۔۔۔۔

رومی نے سر اٹھا کے ازلان کی طرف دیکھا جس کا چشمہ نہیں تھا۔۔۔آج وہ اسے کچھ بدلہ ہوا لگا

ازلان کی نظر ایک دم رومی کے پیچھے پڑی ایک حملہ آور جو زخمی تھا اس نے جلدی سے پستول پکڑ کے رومی کی طرف تان دی۔۔۔رومی کی اس طرف کمر تھی اس لئے وہ دیکھ نہیں سکی لیکن ازلان دیکھ چکا تھا۔۔۔۔

Kitab Nagri Special

ازلان نے جلدی سے رومی کو سائیڈ پہ کیا اور اپنی پسٹل اس آدمی کی طرف کی مگر تب تک دیر ہو چکی تھی اور اس آدمی کی چلائی جانے والی گولی ازلان کے بازو میں بلکل اوپر لگی۔۔۔ گولی کی آواز پہ دوبارہ سب متوجہ ہوئے اور چلنے والی بہت سی گولیوں نے اس آدمی کا سینا چھلنی کر دیا۔۔۔

ازلان کے بازو سe خون بہنے لگا۔۔۔رومی اسے دیکھ کے گھبرا گئی اور جلدی سے اس کی طرف بھاگی۔۔۔

ازلان۔۔۔از۔۔۔ازلان تت تم ٹھیک ہو۔۔۔۔رومی نے اسے پکڑنے کی کوشش کی جو نیچے بیٹھتا جا رہا تھا

ازلان نے اسے مسکرا کے دیکھا

سب بھاگ کے ان تک آئے اور تھوڑی ہی دیر میں ازلان کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔۔۔

رومی وہیں کھڑی سب کو جاتا دیکھتی رہی

رومیسہ۔۔۔آپ میرے ساتھ چلیں۔۔۔۔ سر مجتبیٰ نے رومی کی طرف دیکھ کے کہا

اور رومی بغیر کچھ بولے ان کے پیچھے چلنے لگی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسے کچھ نہیں ہو گا آپ ٹینشن نا لیں۔۔۔ مجتبیٰ نے اسے تسلی دینے کی کوشش کی۔۔۔ لیکن دوسری طرف سے کوئی جواب نہیں آیا

رومی ہسپتال پوھنچی تو کوریڈور میں بہت سے آرمی کے یونیفارم میں لوگ جمع تھے اور ہسپتال بھی آرمی کا تھا

۔۔۔

Kitab Nagri Special

باہر آئی سی یو کے سامنے ایک عورت اور آدمی چیئرز پہ بیٹھے رو رہے تھے۔۔۔جن کی عمریں لگ بھگ پچاس سال ہو گی اور حلیہ سے کھاتے پیتے گھر کے لگ رہے تھے

رومی انھیں دیکھ کے حیران ہوئی

آپ وہاں بیٹھ جایں۔۔۔مجتبیٰ نے رومی سے کہا اور وہ چپ چاپ بیٹھ گئ اور اللہ ّسی دعا کرنے لگی

یااللہ ّمیں نے مانا میں بہت گناہ گار ہوں میرے اللہ ّپر تیری بندی ہوں۔۔۔یااللہ ّازلان کو صحت دے اسے کچھ نا ہونے دینا یااللہ ّ۔۔۔وہ میرا شوہر ہے میرے اللہ ّمیرے سر کا تاج ہے میرا محافظ ہے میرے اللہ ّاس کا سایہ میرے سر پہ سلامت رکھنا۔۔۔

یااللہ ّمیں اس کے بغیر کیسے زندہ رہوں گی۔۔۔یااللہ ّمیرا ایک حقیقی رشتہ وہی تو ہے اس دنیا میں یااللہ ّمیرے دل میں تو نے محبت اتاری اس کے لئے ورنہ میں نے تو کبھی اس کے بارے میں ایسا نہیں سوچا تھا میں تو زوہان کو قبول کرنے والی تھی یااللہ ّلیکن میرے دل نے ازلان کو قبول کرنا چاہا یااللہ ّیہ سب تیری مرضی سے ہوا بے شک تو ہر چیز پہ قادر ہے۔۔۔میرے اللہ ّجیسے اس کی محبت میرے دل میں ڈالی اسی طرح ہمیشہ میرا اور اس کا ساتھ سلامت رکھنا۔۔۔رومی نے روتے ہویے اللہ ّسے التجا کی

سامنے بیٹھے آدمی اور عورت جو کے خود رو رہے تھے یوں رومی کے رونے پہ اس کی طرف متوجہ ہویے۔۔۔

ازلان کا آپریشن چل رہا تھا۔۔۔اور باہر سب دعاؤں میں مصروف تھے۔۔۔۔

Kitab Nagri Special

آنٹی اپ پلیز تھوڑا حوصلہ رکھیں اسے کچھ نہیں ہو گا۔۔۔ مجتبیٰ نے اس عورت کو حوصلہ دیتے ہویے کہا

یہ لڑکی کون ہے۔۔اس عورت نے رومی کی طرف اشارہ کیا تو رومی بھی ان کی طرف متوجہ ہو گئی۔۔۔

آنٹی یہ ازلان کی بیوی ہے۔۔۔ باقی ساری تفصیل وہ جب ہوش میں اے تو آپ خود اس سے پوچھ لینا۔۔۔ مجتبیٰ نے کہا

اور رومیسہ آپ ادھر آیں۔۔۔

یہ میرے چاچو حیدر شاہ ہیں ازلان کے بابا۔۔۔

اور یہ میری چچی اور خالہ مریم۔۔۔ازلان کی امی

مجتبیٰ نے رومی کا تعرف ان سے اور رومی سے ان دونوں کا تعرف کروایا

السلام علیکم۔۔۔۔رومی نے جلدی سے سلام کیا

وعلیکم السلام۔۔۔بیٹا جیتی رہو۔۔۔دونوں نے شفقت سے جواب دیا اور اس کے سر پہ ہاتھ پھیرا

رومی انھیں حیرت سے دیکھ رہی تھی۔۔۔ کیوں کے ازلان نے کہا تھا کے وہ اس دنیا میں اکیلا ہے۔۔۔اس لئے اسے حیرانی ہو رہی تھی کے یہ سب کیا ہو رہا ہے۔۔۔

آپ زیادہ حیران نا ہوں میں آپ کو سب بتاتا ہوں۔۔۔۔ مجتبیٰ نے رومی کی پریشانی بھانپ لی تھی

Kitab Nagri Special

ازلان میرا کزن ہے۔۔۔میرے بابا اور ازلان کے بابا بھائی تھے۔۔۔میرے امی بابا کی میرے بچپن میں ڈیتھ ہو گئی۔۔۔میں، آنٹی، چاچو اور ازلان ایک ہی گھر میں رہتے ہیں۔۔۔۔چاچو کا اپنا بزنس ہے۔۔۔

میں آرمی آفسر ہوں۔۔۔ازلان آپ کے ساتھ ہی پڑھتا ہے اور ایک سٹوڈنٹ ہی ہے۔۔۔اس کا آرمی یا کسی ادارے سے کوئی تعلق نہیں۔۔۔

وہ بس میری مدد کرنا چاہتا تھا اور وہ دیکھنا چاہتا تھا کے عام لوگوں کے ساتھ یعنی جن لوگوں کے پاس طاقت نہیں ہوتی ان کے ساتھ بڑی بڑی یونیورسٹیز میں کیا ہوتا ہے اس لئے اس نے یہ سب کیا۔۔۔۔

وہ کہتا تھا کے وہ تھک گیا ہے اپنے اس لائف سٹائل سے۔۔۔اس پیسے کی وجہ سے سب ہمیشہ اس سے اچھے سے پیش آتے ہیں جب کے یہ پیسا میرا ہے بھی نہیں۔۔۔یہ سب بابا کا دیا ہوا ہے۔۔۔اس لئے میں دیکھنا چاہتا ہوں کے حقیقت میں میرا دوست کون اور دشمن کون ہے۔۔۔۔اس لئے بھی اس نے ایک مظلوم انسان کا روپ لیا ۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہمارا مشن تھا اس یونی کو سیف کرنے کا اور وہ جانتا تھا میرے مشن کے بارے میں اس لئے وہ ساتھ میری بھی مدد کرنا چاہتا تھا۔۔۔

اور پھر اس کے ساتھ وہی ہوا جس کا اسے علم تھا۔۔۔اسے وہاں بہت مشکلوں کا سامنا کرنا پڑا لیکن پھر پیچھے ہٹنا ممکن نہیں تھا۔۔۔پھر اس کی دوستی آپ سے ہوئی اور آپ دونوں کے بارے میں زیادہ کچھ تو میں نہیں جانتا بس آپ کے نکاح کا پتہ ہے

Kitab Nagri Special

اس نے عمران اور اس کے گروپ کے بارے میں بھی مجھے بتایا تھا

مجتبیٰ نے ساری حقیقت رومی کو بتادی اور وہ آنسو بہائے چپ چاپ سب سن رہی تھی

رومی نے عمران کی دی جانے والی دھمکی سے لے کے سب مجتبیٰ کو بتادیا۔۔

اوہ آپ کو اسے سب بتادینا چاہیے تھا۔۔۔ مجتبیٰ نے کہا

چلیں کوئی بات نہیں مجھے امید ہے وہ اب سمجھ جائے گا۔۔۔ مجتبیٰ نے رومی کی افسردہ شکل دیکھ کے اسے حوصلہ دیا

تھوڑی ہی دیر میں ڈاکٹر باہر آیا اور سب اس کی طرف بھاگے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ڈاکٹر کیسا ہے وہ؟؟ مجتبیٰ نے جلدی سے پوچھا

He is ok....Alhamdullilah

ڈاکٹر نے مسکرا کے کہا

کیا ہم اس سے مل سکتے ہیں؟؟ مریم بیگم نے پوچھا

Kitab Nagri Special

نہیں ابھی نہیں تھوڑی دیر میں انھیں روم میں شفٹ کر دیں گے۔۔۔پھر آپ مل سکتے ہیں ان سے۔۔۔ڈاکٹر نے کہا اور وہاں سے چلے گئے۔۔۔

رومی تم ٹھیک ہو؟؟

رومی چیئر پہ بیٹھی تھی کے اچانک زوہان نے اس کے پاس آکے کہا

رومی ایک دم گھبرا کے کھڑی ہو گئی

آآپ؟؟؟ رومی نے گھبرا کے پوچھا

ہاں میں نے تمہاری یونی میں حملہ کی نیوز سنی تو پتہ چلا کے تمھارے دوست کو گولی لگی ہے جس وجہ سے تم ہسپتال ہو اس لئے میں تمہے لینے آیا ہوں۔۔۔ چلو چلیں

زوہان نے کہا اور رومی کو ساتھ چلنے کو کہا

مجتبیٰ اور ازلان کے امی ابو چپ کر کے سب سن رہے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مو۔۔۔مجھے کہی نہیں جانا جب تک میں ازلان سے نہیں مل لیتی۔۔۔رومی نے پیچھے ہوتے ہوئے کہا جیسے وہ اسے زبردستی اپنے ساتھ لے جائے گا

رومی دیکھو رات ہونے والی ہے تم صبح مل لینا اس سے اور مجھے پتہ چلا ہے کے وہ اب ٹھیک ہے تم کیوں ٹینشن لے رہی ہو۔۔۔چلو ہم چلیں صبح پھر آجایں گے۔۔۔زوہان نے کہا اور اس کا ہاتھ پکڑ کے اسے لے جانے لگا۔۔۔

Kitab Nagri Special

نہیں جانا مجھے۔۔۔میں نے کہا نا آپ سے جب تک میں اسے دیکھ نہیں لیتی میں یہاں سے کہیں نہیں جاؤں گی اپنے شوہر کو چھوڑ کے۔۔۔۔رومی نے اپنا ہاتھ چھڑواتے ہوئے چیخ کے کہا

سب اس کی طرف دیکھنے لگے۔۔۔

آپ لوگ اب مل سکتے ہیں ان سے لیکن زرا دیہان رکھیے گا انھیں کوئی پریشانی نا ہو کوئی ٹینشن والی بات نا کیجیے گا ۔۔۔ڈاکٹر نے کہا

اور ہاں وہ اپنی بیوی رومی کو بلا رہے ہیں انھیں بھی لے جائے گا پلیز۔۔۔ڈاکٹر جانے لگا تو کہا

چلو رومیسہ۔۔۔۔مجتبیٰ نے کہا اور رومی جلدی سے ان سب کے ساتھ آگے بڑھ گئی۔۔۔۔

زوہان ان سب کے ساتھ رومی کو جاتا دیکھتا رہا

اپنے شوہر کو۔۔۔۔زوہان کے کانوں میں ابھی تک صرف رومی کے کہے جانے والے آخری الفاظ گھوم رہے تھے ۔۔۔اسے اپنا وہم لگا لیکن ڈاکٹر کے کہنے کے بعد اسے یقین ہو گیا کے اس نے سہی سنا تھا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

رومی جیسے ہی کمرے میں داخل ہوئی تو ازلان تکیے کے سہارے بیٹھا ہوا تھا۔۔۔۔

بال پیشانی پہ بکھرے ہوئے، اب مونچھیں غائب تھیں۔۔۔یعنی وہ بھی نکلی تھیں اور نیلی آنکھیں جو پہلے کالی تھیں اور چشمہ بھی نہیں لگایا ہوا تھا۔۔۔

ازلان نے مسکرا کے سب کی طرف دیکھا

Kitab Nagri Special

رومی اس کا باغور جائزہ لینے کے بعد ایک دم بھاگ کے ازلان کے گلے لگ گئی۔۔۔ بغیر آس پاس کی فکر کئے

رومی ازلان کے گلے لگے رونے لگی۔۔۔

رومی بس۔۔۔ رونا نہیں پلیز

ازلان نے اس کے بالوں کو سہلاتے ہوئے کہا

سوری گائز۔۔۔ میری بیوی کو میں زرا چپ کرالوں پھر آپ سب سے ملتا ہوں

ازلان نے سب کی طرف دیکھ کے مسکرا کے کہا

اور سب اس کی بات پہ ہنسنے لگے

جب کے رومی جلدی سے احساس ہونے پہ شرمندہ ہو کے پیچھے ہٹی اور اپنے آنسو صاف کئے۔۔۔

ارے واہ رومی اتنا جلدی چپ ہو گئی تم تو؟؟؟؟

ازلان نے مسکرا کے ایسے کہا جیسے ان کے درمیان کبھی کچھ ہوا ہی نا ہو

کیسے ہو بیٹا تم نے تو ہماری جان نکال دی۔۔۔ مریم بیگم نے ازلان کے سر پہ بوسہ دے کے کہا

ارے امی آپ کے بیٹے کو کبھی کچھ نہیں ہو سکتا جب تک آپ کی دعائیں میرے ساتھ ہیں۔۔۔ ازلان نے مسکرا کے جواب دیا

Kitab Nagri Special

ازلان سچ میں، میں تنگ آ گیا ہوں تمھارے ان عجیب غریب تجربوں سے۔۔۔ چلو مجتبیٰ کی تو یہ جاب ہے پر تم ؟؟؟حیدر شاہ نے تھوڑی خفگی سے کہا

ارے بابا میں کہتا تھا نا آپ سے کے مجھے دیکھنا ہے کے اصل دوست اور دشمن کو پہچان لے دیں مجھے اور دیکھیں میں نے پہچان بھی لیا

جب میں اپنے اصلی حلیے میں کسی بھی یونی کالج جاتا تھا تو اس پاور، پیسے اور برانڈڈ کپڑوں کی وجہ سے ہر کوئی مجھ سے دوستی کرنا چاہتا تھا پر جب میں اس کے برعکس بن کے گیا تو کسی کو مجھ سے دوستی تو دور بات بھی نہیں کرنی تھی ۔۔۔اور مجھے یقین ہے کے جب پھر میں اپنے اصلی حلیے میں جاؤں گا تو انھیں لوگوں کو پھر سے مجھ سے دوستی کرنی ہو گی۔۔۔اور یہ وہی لوگ ہوں گے جو پہلے تک مجھے بلانا پسند نہیں کرتے تھے

کیسی عجیب دنیا ہے جس کے پاس پیسا اور طاقت ہے اس کے ساتھ یہ دنیا کھڑی ہو جاتی ہے۔۔۔ مظلوم کا کوئی نہیں۔۔۔آخر کیوں ؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ازلان نے جذباتی ہو کے کہا

سب اسے سن رہے تھے پر اس کی ان باتوں کا جواب کسی کے پاس نہیں تھا

اچھا اچھا اپنے ڈرامے بند کرو رومیسہ کو مزید پریشان نا کرو۔۔۔ مجتبیٰ نے ماحول کو ہلکا پھلکا کرنے کے لئے کہا

اوہ امی یہ رومیسہ ہے میری۔۔۔۔ازلان نے ابھی اتنا ہی کہا تھا کے اس کے ابو نے اسے بیچ میں کاٹ دیا

Kitab Nagri Special

جی جانتے ہیں ہماری بہو ہے اور ہمیں بہت پسند آئی۔۔۔ماشاءاللہ۔۔۔حیدر شاہ نے مسکرا کے کہا

ارے واہ بابا اتنا پیار مجھ پہ تو کبھی نہیں آیا جتنا اپنی بہو پہ آ رہا ہے۔۔۔۔ازلان نے ہنستے ہوئے کہا تو سب ہنسنے لگے

تم نے اگر بنا ہمیں بتائے یہ قدم اٹھایا ہے تو اسی میں اللہ کی بہتری ہو گی...اب یہ بتاؤ اپنی بہو کو لینے ہم نے کب جانا ہے؟؟؟

مریم بیگم نے کہا

السلام علیکم۔۔۔۔

اس نے پہلے کے ازلان کوئی جواب دیتا

زوہان نے اندر داخل ہوتے ہوئے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وعلیکم السلام۔۔۔سب نے جواب دیا

ازلان اور رومی اسے دیکھ کے حیران ہوئے

کیسے ہو دوست۔۔۔زوہان نے مسکرا کے ازلان سے پوچھا

الحمداللہ۔۔۔اب بہتر ہوں

ازلان نے تھوڑا مسکرا کے جواب دیا

Kitab Nagri Special

بس پھر جلدی سے ٹھیک ہو کے ہمارے گھر آجانا اور اپنی امانت کو لے جانا۔۔۔زوہان نے ازلان سے کہا

میں رومی کا کزن ہوں۔۔۔زوہان نے خود ہی اپنا تعرف ازلان کے امی ابو سے کروایا

دونوں بہت گرم جوشی سے زوہان سے ملے

اب ہمیں اجازت دیجیے مجھے ابو نے رومی کو لے کے آنے کا کہا تھا۔۔۔

اور تم جلدی آجانا اپنی امانت لینے۔۔۔زوہان نے مسکرا کے کہا

جی ضرور۔۔۔ازلان نے زوہان سے کہا

او کے رومی اب تم جاؤ تم تھک گئی ہو گی میں بہت جلد آؤں گا۔۔۔ازلان نے رومی کی طرف دیکھ کے کہا

اور رومی سب سے مل کے زوہان کے ساتھ چل پڑی

رومی زوہان کی گاڑی میں بیٹھی ڈیش بورڈ کو غوری جا رہی تھی اسے سمجھ نہیں آرہی تھی کے زوہان نے اندر کیا کہا ہے اور ایک ہفتے بعد ہونے والی شادی کو وہ کیسے کینسل کرے گا۔۔۔

رومی الجھ رہی تھی اور اس سے پوچھنا چاہتی تھی لیکن بول نہیں پا رہی تھی

رومی تم پریشان نہیں ہو سب ٹھیک ہو جائے گا میں سب سنبھال لوں گا تم بس ازلان سے کہنے اپنے گھر والوں کو لے آئے باقی میں دیکھ لوں گا۔۔۔رومی اسی کش مکش میں تھی کے کیسے پوچھے کے زوہان نے اس کی مشکل آسان کر دی

Kitab Nagri Special

پر کیسے ؟؟رومی بس اتنا ہو کہہ پائی

وہ تم مجھ پہ چھوڑ دو۔۔۔زوہان نے کہا اور گاڑی چلانے لگا

ویسے رومی تم نے تو کہا تھا کے میں تمہے اچھا لگتا ہوں پھر ازلان سے کیسے شادی؟؟اگر کچھ مسلہ ہے تو تم مجھے بتا سکتی ہو

زوہان کو جو بات پریشان کر رہی تھی اس نے گھما پھرا کے وہ پوچھ ہی لی

میں نے آپ سے یہ کبھی نہیں کہا کے مجھے آپ سے محبت ہے۔۔۔آپ اچھے انسان ہیں لیکن میں ازلان سے محبت کرتی ہو۔۔۔مجھے نہیں پتہ کب کیسے ہوا لیکن ہو گیا۔۔۔ محبتیں تو اللہ دلوں میں اتارتا ہے ناشاہد اس لئے ۔۔۔اللہ نے میرا اور ازلان کا ساتھ لکھا تھا

ہو سکے تو مجھے معاف کر دیجیے گا۔۔۔رومی نے بغیر اس کی طرف دیکھ کے کہا

اٹس اوکے۔۔۔تم پریشان نا ہو نا میں سب ٹھیک کر دوں گا۔۔۔زوہان نے مسکرا کے اس کی طرف دیکھ کے کہا اور گاڑی گھر کے آگے روک دی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

رومی چپ کر کے اندر چلی گئی اور زوہان اسے دیکھتا رہ گیا

تم جہاں بھی رہو میری دعا ہے ہمیشہ خوش رہو۔۔۔زوہان نے دل میں اسے دعا دی

Kitab Nagri Special

میں ہمیشہ سوچتا تھا کے لوگ اپنے پیار کی کیسے قربانی دیتے ہیں۔۔۔ پتہ نہیں وہ کیسے پاگل لوگ ہوتے ہیں اگر مجھے کبھی ایسا کرنا پڑا تو میں کبھی ایسا کچھ نہیں کروں گا۔۔۔ لیکن رومی میں اب تک یہ نہیں جانتا تھا کے آپ کو محبت اتنا مضبوط تو بنا ہی دیتی ہے اور جب سچی محبت کی جائے تو اپنی خوشی کا نہیں سوچا کرتے اپنے محبوب کی خوشی کا سوچتے ہیں۔۔۔آج مجھے یہ بات سمجھ آ گئی

اور سہی کہتی ہو تم سچی محبت تو خدا دلوں میں اتارتا ہے۔۔۔زوہان نے خود کلامی کی اور گاڑی بھگا لے گیا کیوں کے اس وقت اسے اکیلا رہنا تھا

بابا مجھے آپ سے بات کرنی ہے۔۔۔زوہان نے اگلی صبح ناشتے کے ٹیبل پہ سب کی موجودگی میں کہا

رومی کا دل زور سے دھڑکہ کیوں کے اسے کسی حد تک اندازہ تھا

ہاں بولو؟؟؟یعقوب صاحب نے کہا

بابا میں رومی سے شادی نہیں کر سکتا۔ سوری مجھے احساس ہو گیا ہے کے مجھے امی کی مرضی کی لڑکی سے شادی کرنی چاہیے۔۔۔زوہان نے ایک سانس میں کہا

زوہان کی امی شمائلہ بیگم کا حیرانی اور خوشی سے برا حال ہونے لگا . . .

یہ کیا بکواس کر رہے ہو۔۔۔

Kitab Nagri Special

یعقوب صاحب نے کھڑے ہوتے ہوئے چلا کے کہا

زوہان بھی اپنی چیئر چھوڑ کے کھڑا ہو گیا

سوری بابا میں یہ نہیں کر سکتا اگر میری ماں خوش نہیں تو میں ایسا نہیں کر سکتا اب امی میرے لئے جو لڑکی ڈھونڈیں گی میں اسی سے شادی کروں گا۔۔۔زوہان نے کہا

بہت جلدی یاد آ گیا ہے تمہے۔۔۔ہاں ؟؟؟یعقوب صاحب نے زوہان کے منہ پہ تھپڑ مارتے ہوئے کہا

جو بھی ہو جائے تمہاری شادی ایک ہفتے بعد رومی سے ہی ہو گی۔۔۔میں تمہے اس کی زندگی ہر گز برباد نہیں کرنے دوں گا۔۔۔یعقوب صاحب نے کہا

ارے یعقوب صاحب اگر وہ نہیں کرنا چاہتا تو آپ زبردستی نہیں کر سکتے۔۔۔زندگی تو بچوں نے گزارنی ہے آپ ایک دفع رومی سے بھی پوچھ لیں کے کیا وہ زوہان کے ٹھکرانے کے بعد بھی اس سے شادی کرنا چاہتی ہے ۔۔۔شمائلہ بیگم نے زوہان کے پاس آتے ہوئے یعقوب صاحب سے کہا

ارے امی ٹھکرایا تو اس نے ہے آپ کے بیٹے کو۔۔۔زوہان نے دل میں سوچا

یعقوب صاحب نے رومی کی طرف دیکھا جب کے رومی نے گڑبڑا کے زوہان کی طرف دیکھا اور اس کا اشارہ سمجھ کے بولی

نہیں ماموں مجھے بھی یہ شادی نہیں کرنی۔۔۔رومی نے کہا

Kitab Nagri Special

ٹھیک ہے بیٹا جیسے تمہاری مرضی ۔۔۔یعقوب صاحب نے چیئر پہ گرتے ہویے کہا

دفع ہو جاؤ یہاں سے مجھے اپنی شکل نا دیکھانا یعقوب صاحب نے زوہان کو دیکھے بغیر کہا

مجھے امید ہے کے رومی کے لئے جلد ہی کوئی بہت اچھا رشتہ آجائے گا ۔۔۔اور میں سندھ جا رہا ہوں میری ٹرانسفر ہو گئی ہے

زوہان نے کہا اور اپنے کمرے کی طرف جاتے ہویے ایک دفع رومی کے پاس آ کے رک گیا اور مسکرا کے اس کی طرف دیکھا

ہمیشہ خوش رہو ۔۔۔زوہان نے اسے کہا

جواب میں رومی صرف مسکرا دی

زوہان کا ٹرانسفر ہو گیا جو اس نے خود سندھ کروایا تھا جانے سے پہلے وہ ازلان سے ملنا نہیں بھولا تھا ۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زوہان کے جانے کے دو ہفتوں بعد ازلان اپنے امی ابو کے ساتھ رومی کے گھر رشتہ لے کے آیا اور یعقوب صاحب سے حیدر صاحب نے کہا کے رومی ازلان کے ساتھ یونی میں پڑھتی ہے اور وہ اسے اور ہمیں اچھی لگی ہے اس لئے ہم آپ کی بیٹی کو بہو بنانا چاہتے ہیں ۔۔۔

یعقوب صاحب نے چھان بین کے لئے کچھ وقت مانگا اور دو دن بعد اس رشتے کے لئے ہاں کر دی ۔۔۔انھیں اس رشتے میں کوئی برائی نظر نہیں آئی اور پھر زوہان کے انکار کے بعد وہ رومی کے لئے اور بھی پریشان رہنے لگے تھے ۔۔۔یوں اتنے اچھے رشتے کے آنے کی انھیں امید نہیں تھی ۔۔۔

Kitab Nagri Special

شادی کے لئے ازلان اور اس کے گھر والوں نے محض تین ہفتوں کا بہت مشکل سے وقت دیا

اور سب شادی کی تیاریوں میں لگ گئے۔۔۔

شادی میں دو دن باقی تھے۔۔۔آج رومی کی مہندی تھی

رومی کو ایک دم ذوہان کا خیال آیا کے اس نے تو اپنے اس مخلص دوست اور محسن کا شکریہ بھی ادا نہیں کیا تھا

رومی تیار ہو چکی تھی اور اپنے کمرے میں انتظار کر رہی تھی کیوں کے اسے تھوڑی دیر بعد لے جایا جانا تھا کیوں کے مہندی کا فنکشن کمبائن تھا

رومی نے اپنا فون اٹھا کے زوہان کا نمبر ملایا

اس کی کال دوسری بل پہ اٹھالی گئی جیسے اسی کے فون کا انتظار کیا جا رہا تھا

السلام علیکم۔۔۔رومی نے سلام کیا

وعلیکم السلام۔۔۔بہت بہت مبارک ہو زوہان نے مسکرا کے کہا

Thank you sooo much Zohan for everything...

رومی نے کہا

کوئی نہیں بس تم ہمیشہ خوش رہنا۔۔۔زوہان نے کہا

Kitab Nagri Special

آپ میری شادی پہ کیوں نہیں آئے۔۔۔رومی نے کہا

اب مزید ہمت نہیں بچی تھی۔۔۔زوہان نے بے اختیاری میں کہا

جی۔۔۔؟؟رومی نے چونک کے کہا

کچھ نہیں۔۔۔وہ چھٹی نہیں ملی اس لئے جلد آؤں گا تم دونوں سے ملنے ازلان کو بھی مبارک دینا میری طرف سے ۔۔۔زوہان نے کہا

اچھا اب مجھے کام ہے تم خوش رہو۔۔۔اللہ حافظ زوہان نے کہا اور جلدی سے فون بند کے دیا

رومی نے مسکرا کے فون کی طرف دیکھا جہاں ازلان کا میسج تھا

یار کب باہر آؤ گی اب آجاؤ ورنہ میں اندر آجاؤں گا۔۔۔رومی میسج پڑھ کے مسکرا دی پر کوئی جواب نہیں دیا

ماہا اور اس کی چند اور کزنز کمرے میں داخل ہوئیں۔۔۔

چلو بیٹا آپ کے دولہا میاں سے انتظار نہیں ہو رہا۔۔۔ماہا نے شرارت سے کہا اور سب اسے لال دوپٹے کے سائے میں باہر لے کے آگئیں

ازلان کی نظر ماہا کے ساتھ آہستہ آہستہ چلتی رومی پہ پڑی تو پلٹنا بھول گئی

Kitab Nagri Special

رومی نے یلو لہنگا، پنک کرتی اور اورنج دوپٹہ سر پہ سیٹ کیا ہوا تھا۔۔۔ساتھ تجربہ کار ہاتھوں نے میک اپ کیا ہوا تھا۔۔۔رومی پارلر سے تیار ہوئی اور زیادہ حسین لگ رہی تھی۔۔ازلان کھڑا ہو گیا اور یک ٹک رومی کو دیکھنے لگا

او بھائی چھچھورے انسان بس کر دے کیوں ہماری بھابھی کو نظر لگانے کا ارادہ ہے۔۔۔مجتبیٰ کی آواز پہ ازلان خیال کی دنیا سے باہر آیا

رومی اسٹیج کے پاس پہنچی تو ازلان نے آگے بڑھ کے ہاتھ اس کی طرف بڑھایا

رومی نے ازلان کی طرف آنکھ اٹھا کے دیکھا

وائٹ کرتا شلوار میں گولڈن واس کوٹ کے ساتھ بال اچھے سے سیٹ کئے ہوئے وہ بھی کسی ریاست کا شہزادہ لگ رہا تھا۔۔۔رومی کا دل زور سے دھڑکا اور اس نے اس کا ہاتھ پکڑا اور اسٹیج پہ چڑھ گئی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

رومی ازلان کے ساتھ آ کے بیٹھ گئی

بہت اچھے لگ رہے ہو۔۔۔رومی نے تعریف میں پہل کی . . .

اور تم تو مجھ سے پوچھو نا میں تمہاری کل ایک ہی دفع اکھٹی تعریف کروں گا۔۔ازلان نے شوخی سے کہا

رومی نے شرما کے سر جھکا لیا

Kitab Nagri Special

مہندی کی رسم شروع ہوئی سب نے مہندی لگائی۔۔۔شہلا بیگم نے بھی خوشی خوشی رسم کی۔.بلکے ساتھ ساتھ رومی کے صدقے واری جا رہی تھیں...رومی ان کے اس رویہ کو دیکھ کے صرف مسکرا دی تھی

اگلے دن رومی کی رخصتی حال سے کی گئی۔۔۔۔

رومی نے بلڈ ریڈ لہنگا پہنا ہوا تھا اور پارلر سے تیار ہوئی وہ کسی پرستان کی شہزادی لگ رہی تھی۔۔۔

جب کے ازلان نے ریڈ شیر وانی اور ریڈ ہی قلا پہنا ہوا تھا۔۔۔پوری تیاری کے ساتھ وہ بھی کسی سے کم نہیں لگ رہا تھا . . . .

دونوں کی جوڑی کو لوگوں نے ایک خوبصورت چاند سورج کی جوڑی قرار دی۔۔۔اور پھر رومی سب کی دعاؤں میں ازلان کے ساتھ رخصت ہو گئی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

رومی کا ازلان کے گھر شاندار استقبال ہوا۔۔۔

مجتبیٰ اور مریم بیگم نے رومی کو ازلان کے کمرے میں پہنچایا۔۔۔

Kitab Nagri Special

رومی تم میری بلکل چھوٹی بہنوں کی طرح ہو آج سے مجھے اپنا بڑا بھائی سمجھنا ہے اور اس گھر میں یا کبھی بھی کوئی بھی پریشانی ہو مجھے ضرور بتانا۔۔اور ازلان تنگ کرے تو بس انکل یا مجھے بتا دینا پھر اس کی خیر نہیں۔۔ مجتبیٰ نے پہلے سریس اور آخر میں مزاخ میں کہا

تھینک یو۔۔۔بھائی رومی نے بھی مسکرا کے کہا

خوش رہو۔۔۔ مجتبیٰ نے اس کے سر پہ ہاتھ پھیر کے مسکراتے ہویے کہا

اور مجھے اپنی امی سمجھنا۔۔۔اور تم کبھی بھی مجھے اپنی ساس نہیں پاؤ گی انشاءاللہ۔۔۔۔ مریم بیگم نے بھی اسے گلے لگاتے ہویے کہا

دونوں کمرے سے چلے گئے تو رومی ازلان کا انتظار کرنے لگی۔۔۔کے اسے ازلان کی باہر سے آواز آئی

ہاں جی پیسے دو اور جاؤ کمرے میں۔۔۔ مجتبیٰ نے ازلان کا رستہ روکتے ہویے کہا

اب یہ کیا ڈرامہ ہے زرا ڈیفائن کیجیے گا۔۔۔ازلان نے چڑ کے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ڈرامہ نہیں میرے بھائی یہ رسم ہے۔۔۔دولہا اپنی بہن کو کمرے میں جانے سے پہلے پیسے دیتا ہے۔۔۔اب تمہاری کوئی بہن نہیں تو چل تو اپنے بھائی کو ہی دے دے۔۔۔۔ مجتبیٰ نے شرارت سے کہا

اچھا یہ لے۔۔۔ازلان نے پیسے اس کے ہاتھ پہ رکھے اور مجتبیٰ مسکرا کے سائیڈ پہ ہو گیا

Kitab Nagri Special

ایک ہزاروں میں میری بہنا ہے۔۔۔ ازلان نے مجتبیٰ کو چڑاتے ہویے کہا اور جب تک مجتبیٰ کو اس کی اس حرکت کی سمجھ آئی وہ دروازہ بند کر چکا تھا۔۔۔۔

سالے تجھے صبح بتاؤں گا۔۔۔ مجتبیٰ بڑبڑا کے چلا گیا

ازلان مسکرا کے کمرے میں داخل ہوا۔۔۔۔ ایک نظر رومی کی طرف دیکھا اور آ کے اس کے پاس بیٹھ گیا۔۔۔

ماشاءاللہ۔۔۔ بہت بہت پیاری لگ رہی ہو۔۔۔۔ ازلان نے مسکرا کے تعریف کی

تھینک یو۔۔۔۔ رومی نے سر جھکا کے جواب دیا

تم وضو کر لو سب سے پہلے ہمیں اپنی محبت کی کامیابی پہ اللہ ؐ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔۔۔ آؤ مل کے نفل ادا کرتے ہیں ۔۔۔ ازلان نے رومی سے مسکرا کے کہا تو رومی بھی مسکرا کے واش روم کی طرف بڑھ گئی۔۔۔۔

اور دونوں نے اپنی نئی زندگی کا آغاز اپنے اللہ ؐ کا شکر ادا کر کے کیا۔۔۔۔

اللہ ؐ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے والوں کو اللہ ؐ تعالیٰ بہت پسند کرتے ہیں اس لئے ہر حال میں شکر ادا کرتے رہنا چاہیے ۔۔۔!!!

ان کی شادی کو ایک ہفتہ ہو چکا تھا

رومی کی زندگی بہت خوبصورت ہو گئی تھی۔۔۔ وہ ہر وقت اپنے اللہ ؐ کا شکر ادا کرتے کرتے نہیں تھکتی تھی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Kitab Nagri Special

مجتبیٰ بھائی آپ کو پتہ ہے ایک دفع یونی میں آپ نے ہم سے جب اسائنمنٹ مانگی تھی تو ازلان کے پاس نہیں تھی اس نے کہا تھا کے اس نے بنائی نہیں اس دن میں نے نئی بنائی تھی اور اس کی اسائنمنٹ آپ کو چک کروادی تھی ۔۔۔اور آپ کو پتہ بھی نہیں چلا

سب لان میں بیٹھنے سردیوں کی دھوپ سیک رہے تھے کے رومی نے مجتبیٰ کو پرانا قصہ یاد کروایا اور سب ہنس دئے

جی مجھے بہت اچھے سے پتہ تھا کیوں کے اس نے میرے سامنے تیار کی تھی وہ اسائنمنٹ اور میں نے ہی اسے بتایا تھا کے کیا ملا ہوا ہے.... مجتبیٰ نے بھی حساب برابر کیا

ہاہا اور اس نے مجھے کہا تھا کے اسے پتہ تھا کے آج کیا کام ملنا تھا اس لئے اس نے خود ہی بنالی... کتنے چالاک ہو تم ازلان

ہاں تو اس وقت سب بتادیتا تو تم نے کوئی مجھ سے شادی کرنی تھی۔۔ ہاہا ازلان نے ہنستے ہوئے شرارت سے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی مجھے اسی دن پتہ چل گیا تھا بچا جوڑوں کا غلام بنے گا۔۔۔ مجتبیٰ نے قہقہ لگا کے کہا اور سب ہنسنے لگے

بابا یہ آپ کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔۔۔ازلان نے اپنی بے عزتی پہ مجتبیٰ کو پھسانا چاہا

تو کرتا رہے بیٹا اس کا وقت آنے دو پھر ہم دونوں مل کے اس کا مذاخ اڑائیں گے.... حیدر صاحب نے ہنستے ہوئے کہا

Kitab Nagri Special

نہیں جی میں ایسا نہیں ہوں گا۔۔۔ مجتبیٰ نے انکار کیا

رومی اور مریم بیگم ان کی اس میٹھی لڑائی پہ ہنس رہی تھیں۔۔۔

بھائی بہو اب اسے بھی قید کرنے کا وقت آ گیا ہے آپ کو اس کی دلہن تلاش کر لینی چاہیے۔۔۔ کیوں بیگم ۔۔۔ ویسے بھی بوڑھا ہو رہا ہے

حیدر صاحب نے بھی حساب برابر کرتے ہوئے پہلے رومی اور پھر مریم بیگم سے کہا

ہاہاہاہا۔۔۔ بلکل میں اور رومی تلاش شروع کرتے ہیں پھر... مریم بیگم نے کہا

اچھا بھائی آپ کو کیسی دلہن چاہیے؟؟ رومی نے تجسس سے پوچھا

بس جو مجھ پہ حکم نا چلائے۔۔۔ مجتبیٰ نے جواب دیا

ہاہاہا۔۔۔بیٹا ایسی کوئی لڑکی دنیا میں بنی نہیں جو بیوی بن کے شوہر پہ حکم نا چلائے۔۔۔ گھر میں حکومت بیگم کی ہی ہوتی ہے ہر طرف چاہے وہ گھر بزنس مین کا ہو یا میجر کا۔۔۔ہاہاہا حیدر صاحب نے کہا اور سب نے قہقہ لگایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا رومی اور ازلان تم دونوں کا ناران کاغان کا ٹرپ میں نے کنفرم کروا دیا ہے رہنے کے لئے ہوٹل کا بھی انتظام ہو گیا ہے۔۔۔ دو دن بعد نکلنا ہے تم دونوں کو

مجتبیٰ نے تھوڑی دیر بعد کہا

Kitab Nagri Special

پر اس کی کیا ضرورت تھی۔۔۔ازلان نے کہا

میری بہن کو پسند ہے ناران اس لئے یہ سب اس کے لئے تیری شکل کے لئے نہیں۔۔۔

مجتبیٰ نے کہا

چل کوئی نہیں میری بھی تو تو بہن ہی ہے۔۔۔ایک ہزاروں میں میری بہنا ہے۔۔۔ازلان نے کہا اور جلدی سے اٹھ کے بھاگ پڑا

اب ازلان آگے آگے اور مجتبیٰ اسے پکڑنے کے لئے پیچھے پیچھے تھا۔۔۔

کیا کر رہی ہو؟؟ازلان نے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے رومی سے پوچھا

کچھ نہیں بس یہ کپڑے بیگ میں رکھ رہی تھی۔۔۔رومی نے پیکنگ کرتے ہوئے کہا

اچھا اسے چھوڑو ابھی صبح کر لیں گے مل کے۔۔۔جاؤ چائے بنا کے لاؤ مل کے بیٹھ کے پییں گے اور باتیں کریں گے۔۔۔ازلان نے رومی کی طرف دیکھ کے کہا

ازلان یہ کون سا ٹائم ہے چائے کا؟؟رومی نے اسے گھوری سے نوازتے ہوئے کہا

Kitab Nagri Special

جاؤنا پلیز میری اچھی دوست نہیں ہو مجھے ٹھنڈ لگ رہی ہے۔۔۔ازلان نے جلدی سے بیڈ پہ لیٹ کے کمبل لپیٹتے ہوئے کہا

طبیعت ٹھیک ہے ڈاکٹر کے پاس چلیں۔۔۔۔رومی نے اس کے پاس آ کے ٹیمپریچر چیک کرتے ہوئے فکر مندی سے پوچھا

ارے کچھ نہیں ہوا۔۔۔چائے بنا کے دو گی یا میں خود بنا لوں۔۔۔ازلان نے بلیک میل کرتے ہوئے کہا

اچھا لاتی ہوں بنا کے۔۔۔۔رومی نے کہا اور کیچن کی طرف چلی گئی

تھوڑی دیر بعد رومی ایک کپ چائے کے ساتھ کمرے میں داخل ہوئی اور کپ لا کے ازلان کی سائیڈ ٹیبل پہ رکھ دیا۔۔۔یہ لو تمہاری چائے

تھینک یو۔۔۔پر تم نے اپنی کیوں نہیں بنائی ازلان نے پوچھا

ویسے ہی۔۔۔۔رومی نے کہا اور آ کے دوسری سائیڈ لیٹ گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ازلان چائے پینے لگا

رومی ایک بات پوچھوں؟؟ازلان نے ایک دم رومی سے کہا

ہاں پوچھو؟؟رومی نے اس کی طرف منہ کرتے ہوئے کہا اور اٹھ کے تکیے سے ٹیک لگا کے ازلان کی طرح بیٹھ گئی

تمھے کیا بننیں کا شوق تھا؟؟شادی سے پہلے یا ابھی بھی ہے۔۔۔ازلان نے مسکرا کے پوچھا

Kitab Nagri Special

مجھے نا یوٹیوبر بننیں کا بہت شوق تھا پر ماموں نے الاؤ نہیں کیا مجھے یوٹیوب پہ بلاگرز کو دیکھ دیکھ کے بہت شوق تھا وہ ایک ہے اس کے ہسبنڈ نے اسے سپورٹ کیا اور وہ آج بہت اچھی یوٹیوبر ہے مجھے بھی یوں دیکھ دیکھ کے شوق چڑھ گیا۔۔۔رومی نے دلچسپی سے بتایا

ابھی بھی ہے؟؟ازلان نے پوچھا

نہیں۔۔۔رومی نے کہا

اگر تم اب بھی بننا چاہو تو بن سکتی ہو میں تمہے سپورٹ کرنے والا ہوں نا۔۔تمہے جو بننا ہے تم بن سکتی ہو ۔۔۔ازلان نے محبت سے کہا

ہاں ایک شوہر ہی تو بیوی کا سپورٹ سسٹم ہوتا ہے وہی تو اسے سمجھنے والا ہوتا ہے۔۔۔

نہیں اب نہیں ہے جب سے نماز پڑھنا شروع کی ہے۔۔۔رومی نے کہا اور تھوڑی آگے ہو کے ازلان کے سینے پہ سر رکھ دیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا مطلب۔۔۔اس شوق کا نماز سے کیا کنکشن؟؟ازلان نے کپ سائیڈ پہ رکھتے ہوئے پوچھا

نہیں مطلب پہلے تک اتنا نئی کرتی تھی پر اب احساس ہے کے عورت کو اللہ نے پردے میں رہنے کے لئے بنایا ہے اور میری اب کون سا کوئی مجبوری ہے۔۔۔پہلے مجھے خود کے لئے کچھ بننا تھا اب جو بننوں گی تمھارے لئے بنوں گی۔۔۔ہر عورت چاہتی ہے کے وہ گھر میں آرام کرے اور اس کا شوہر کما کے لاے۔۔۔جو کام کے لئے گھر سے نکلتی ہیں ان کی بھی کوئی مجبوری ہوتی ہو گی۔۔۔

Kitab Nagri Special

رومی نے آنکھیں موندتے ہوئے محبت سے کہا

چلو پھر بھی۔۔۔ویسے رومی ہر لڑکی کو کچھ نا کچھ بننا چاہیے کے لائف میں کوئی مشکل آے تو وہ اپنے پاؤں پہ کھڑی ہو سکے۔۔۔ازلان کی سوئی وہیں اٹکی ہوئی تھی اسے لگا کے رومی نے اپنا شوق اس کے لئے چھوڑ دیا

وہ چاہتا تھا کے اگر وہ اس کا اتنا خیال کر رہی ہے تو اسے بھی اس کے لئے کچھ کرنا چاہیے۔۔۔

ہاں نا تو میں اپنا ماسٹرز کمپلیٹ کروں گی تمھارے ساتھ وہ میں نہیں چھوڑ رہی۔۔۔رومی نے سر اوپر کرتے ہوئے ازلان کی طرف دیکھ کے کہا

اچھا بھائی جیسے مرضی تمہاری۔۔۔ازلان نے مسکرا کے اس کے ماتھے پہ بوسہ دیتے ہوئے کہا

ازلان میں نے تمھے عمران والی بات بتانی ہے وہ اس نے مجھے کہا تھا کے۔۔۔رومی نے ایک دم ابھی اتنا ہی کہا تھا کے ازلان نے بیچ میں کاٹ دیا

مجھے مجتبیٰ نے سب بتا دیا تھا۔۔۔ایک ہفتے بعد یونی کھلیں گی تو اسے دیکھ لیں گے۔۔۔کیوں کے فرسٹ ڈے سینئرز آیں گے۔۔۔میں اسے چھوڑوں گا نہیں۔۔۔تم ٹینشن نا لو۔۔۔ازلان نے کہا

تو ہم ایک ہفتہ ناراں رہیں گے ؟؟رومی نے پوچھا

ہاں کیوں کے پھر یونی کھل جایں گی۔۔۔ازلان نے کہا

پر مجھے مری بھی دیکھنا ہے۔۔۔رومی نے معصومیت سے کہا

Kitab Nagri Special

ہاں تو وہ بعد میں دکھ لیں گے۔۔۔میں تمہے ہر جگہ لے کے جاؤں گا جہاں تم کہو گی۔۔۔ازلان نے پیار سے کہا

رومی آیندہ اگر کبھی بھی کوئی بھی بات ہو تم نے فورا آ کے مجھے بتانا ہے چاہے کوئی یہ بھی کہہ دے کے میں ازلان کا سر اڑا دوں گا تب بھی۔۔۔ازلان نے سنجیدگی سے کہا

اللہ نا کرے۔۔۔۔رومی نے تڑپ کے کہا

میری بات سنی ہے نا؟؟ازلان نے یقین دہانی چاہی

ہم ٹھیک ہے اور تمہے بھی کبھی بھی کوئی بھی آ کے کچھ کہے یا کبھی بھی کسی قسم کا شک ہو مجھ پہ تو اس ہمارے بیچ آنے والے اس تیسرے شخص پہ یقین نہیں کرنا اور نا دل میں بننیں والے شک پہ یقین کرنا بلکے سیدھا آ کے مجھ سے پوچھنا جو بھی بات ہو۔۔۔رومی نے جواب میں کہا

ہم۔۔۔سہی ہے ازلان نے مسکرا کے کہا

ویسے بہت بھکھڑ ہو تم۔۔۔۔رومی نے کہا

کیوں کیا ہوا؟؟ازلان نے حیرت سے پوچھا

اکیلے چائے پی لی ہے یہ نہیں کے بندا پوچھ ہی لیتا ہے کے رومی تم نے پینی تو نہیں ہے؟؟رومی نے اسے گھورتے ہویے کہا

ہاہاہاہا۔۔۔ہاں یار ویسے پوچھنا چاہیے تھا مجھے خیال ہی نہیں آیا۔۔۔ازلان نے قہقہ لگاتے ہویے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Kitab Nagri Special

دفع ہو۔۔۔۔رومی نے کہا اور دور ہو کے اپنی سائیڈ ہو گئی

ارے ناراض ہونے کی کیا بات ہے میں بنالاتا ہوں تمھارے لئے۔۔۔ازلان نے کہا اور اٹھنے لگا

نہیں۔۔۔میں نے نہیں پینی رومی نے اس کا ہاتھ پکڑ کے اسے روکتے ہوے مسکرا کے کہا

ہاہاہا۔۔۔اچھا چلو شکر ہے ورنہ وہ مجتبیٰ کا بچا دیکھ جاتا تو اس نے بہت باتیں سنانی تھیں مجھے۔۔۔ازلان نے ہنستے ہوے کہا

خبر دار میرے بھائی کے بارے میں کوئی بات کی تو۔۔۔رومی نے انگلی دکھاتے ہوے کہا

ہاہاہا۔۔۔تمہارا بھائی میری بہن ہے۔۔۔ہاہا ازلان نے ہنستے ہوے کہا

ہاہاہا۔۔۔تم کیوں انھیں ایسے کہتے ہو انھیں برا لگتا ہے۔۔۔رومی نے کہا

یار پتہ ہے ہماری شادی والے دن باہر کھڑا تھا کہتا پیسے دو گے تو اندر جانے دوں گا میں نے پوچھا یہ رسم لڑکیاں کرتی ہیں۔۔۔کہتا میں تیری بہن ہی بنا ہوا ہوں۔۔۔اب میں کیا کروں خود بہن بنا تھا میری۔۔۔ہاہاہا ازلان نے ہنستے ہوے رومی کو بتایا

ہاہاہا۔۔۔رومی بھی ہنسنے لگی

ارے واہ بھائی کیا بات ہے۔۔۔مجھے تو پتہ ہی نہیں تھا ازلان نے کمرے میں داخل ہوتے ہوے کہا

Kitab Nagri Special

کیا؟؟؟رومی نے حیرت سے پوچھا

کے میں بیسٹ پارٹ ہوں تمہارا۔۔۔ازلان نے شوخی سے کہا

ازلان نے رومی کا فیس بک سٹیٹس دیکھ کے کہا جو اس نے تھوڑی دیر پہلے اپلوڈ کیا تھا اور ازلان کی تصویر کے ساتھ کیپشن میں بیسٹ پارٹ اوف مائی لائف لکھا تھا

اچھا بس زیادہ ڈرامے نا کیا کرو۔۔۔ادھر آؤ میرے ساتھ پیکنگ کرواؤ۔۔۔رومی نے ہنستے ہوئے کہا اور خود آرام سے بیٹھ گئی

واہ بھائی یہ سہی ہے کرالو ہم سے کام مطلب مجتبیٰ سہی مجھے جوروں کا غلام کہتا ہے۔۔۔ازلان نے مصنوئی خفگی سے کہا

مجتبیٰ بھائی کہتے ہیں تو سہی ہی کہتے ہوں گے۔۔۔اور تم زبان کم اور ہاتھ زیادہ چلاؤ۔۔۔

رومی نے جواب دیا اور اپنا موبائل اٹھا کے بیٹھ گئی اور ازلان چپ کر کے اپنا کام کرنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

###

ازلان صبح یونی جانا ہے میرا بلکل دل نہیں ہے اور مجھے ڈر بھی لگ رہا ہے۔۔۔رومی نے بیڈ پہ بیٹھتے ہوئے کہا

ازلان اور رومی واپس آ گئے تھے اور اب انھیں صبح یونی جانا تھا

Kitab Nagri Special

رومی کچھ نہیں ہوتا میں ہوں نا ساتھ۔۔۔ازلان نے موبائل پہ دیکھتے ہوئے بغیر رومی کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

ہاں یہ تو ہے اب تو تم وہ پرانے والے ازلان بھی نہیں ہو۔۔۔ویسے میں سوچ رہی ہوں کل تمہے دیکھ کے سب کا کیا ریکشن ہو گا؟؟رومی نے ازلان کی طرف دیکھ کے کہا تو ازلان نے کوئی جواب نہیں دیا کیوں کے وہ فون پہ کچھ کر رہا تھا

اسے تو رکھ دو۔۔میں بول رہی ہوں اور تم سن نہیں رہے...رومی نے ایک دم ازلان کے ہاتھ سے موبائل چھینتے ہوئے کہا

یار۔۔میرا موبائل واپس دو یہ کیا بات ہوئی۔۔ازلان نے ایک دم گھبرا کے کہا اور موبائل واپس لینے کی کوشش کی

تم اتنا گھبرا کیوں رہے ہو جیسے میں نے تمہاری کوئی چوری پکڑ لی ہو۔۔رومی نے اسے گھورتے ہوئے کہا

یار ایسا نہیں ہے بس ایک مسلہ سلجھا رہا تھا پھر تمہے بتانا ہی تھا۔۔ازلان نے کہہ کے پھر ہاتھ موبائل کی طرف بڑھایا

رومی نے موبائل کی طرف دیکھا تو ازلان کسی سے چیٹ کر رہا تھا۔۔۔نمبر سیو نہیں تھا اس لئے رومی کو نام نہیں پتہ چل سکا جب کے میسج رومی نے پڑھ لئے تھے جس میں کوئی لڑکی ازلان کو شادی کرنے پہ بیوی کو چھوڑنے کا

Kitab Nagri Special

کہہ رہی تھی اور ازلان نے اسے بہت سنائی ہوئی تھی صاف پتہ چل رہا تھا کے غلطی لڑکی کی طرف سے ہے۔۔۔رومی نے مسکرا کے موبائل ازلان کی طرف بڑھا دیا

یہ لو۔۔۔اس میں تمہاری تو غلطی نہیں پھر اتنا پریشان کیوں ہوے تھے؟؟رومی نے پوچھا

مجھے لگا تم مجھے غلط نا سمجھو۔۔۔اس لئے میں تمہے بات ختم کر کے بتانے والا تھا۔۔۔ازلان نے صفائی پیش کی

اچھا یہ لڑکی کون ہے؟؟رومی نے تجسس سے پوچھا

میرے کالج میرے ساتھ پڑھتی تھی۔۔۔ازلان نے بتایا

اوہ۔۔اچھا رومی نے صرف اتنا کہا اور لیٹ گئی

کیا ہوا ناراض ہو گئی۔۔۔ازلان نے موبائل رکھتے ہوے پوچھا

نہیں پاگل سونے لگی تھی صبح یونی جانا ہے نا اس لئے۔۔۔اور خبردار جو یونی میں تمہے کسی لڑکی کے آس پاس دیکھوں اور اب اسے بھی بلوک کرو۔۔۔رومی نے رعب سے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اوکے بوس۔۔۔ازلان نے ہنس کے کہا

ازلان اور رومی یونی میں داخل ہوے تو سب لوگ انھیں عجیب طرح سے دیکھنے لگے۔۔۔تھوڑی دیر میں پرنسپل نے سب کو ہال میں جمع ہونے کا کہا

Kitab Nagri Special

ازلان اور رومی اگلی چیئرز پہ بیٹھے ہوئے تھے۔۔۔

مجتبیٰ بھی آیا ہوا تھا اور سٹاف کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا

آج سب کے لئے یونی میں ایک چھوٹا سا فنکشن رکھا گیا تھا دہشت گرد حملے کے بعد بہادر سٹوڈنٹس کو خاص انعام دینے کے لئے جن میں ازلان بھی شامل تھا اور مجتبیٰ میجر ہونے کی حثیت سے سب کو انعام دے رہا تھا۔۔۔

بہت سے سٹوڈنٹس تھے جنہوں نے دہشت گردوں کے سامنے ہار نہیں مانی تھی اس لئے پرنسپل نے ان سب کو خاص انعام سے نوازا اور خراج تحسین پیش کی

اسی طرح جب ازلان کا نام پکارا گیا تو وہ اسٹیج پہ آیا اور مجتبیٰ سے شیلڈ لی اور پھر اسے بولنے کا موقع ملا

السلام علیکم۔۔۔۔میرا نام ازلان حیدر شاہ ہے اب تو شاہد آپ سب لوگ ہی مجھے جانتے ہوں گے۔۔۔۔میرا کسی ادارے سے کوئی تعلق نہیں ہے میں بس اڈونچرس کام کرتا رہتا ہوں اسی میں میرا اس یونی میں سادہ انسان بن کے آنا بھی تھا میں دیکھنا چاہتا تھا کے جن کے پاس پاور نہیں ہوتی ان کے ساتھ کیا ہوتا ہے۔۔۔اور مسٹر عمران کے گروپ نے سہی سے مجھے بتایا۔۔۔ازلان نے رک کے عمران اور اس کے گروپ کی طرف دیکھا جنہوں نے شرمندگی سے سر جھکا لئے تھے۔۔۔

میں بس یہ کہنا چاہوں گا کے پلیز کسی کو کمزور دیکھ کے اس پہ اپنی طاقت کا رعب نا ڈالو کیوں کے کل کو اگر وہ کمزور طاقتور بن گیا تو آپ کو نہیں چھوڑے گا۔۔۔لیکن میں آپ کو چھوڑ دیتا ہوں۔۔۔۔کیوں کے مجھے میری تربیت معاف کرنا سکھاتی ہے۔۔۔ازلان نے کہا اور مائک رکھ دیا

Kitab Nagri Special

سب نے تالیاں بجائیں

تھینک یو بہنا۔۔۔ازلان نے مجتبیٰ کے پاس سے گزرتے ہوئے کہا اور مسکرا کے نیچے چلا گیا جب کے ازلان غصے سے لال پیلا ہوتا رہا۔۔۔

تم نے پھر انھیں چھیڑا ہے نا ازلان تم باز آجاؤ۔۔۔

ازلان رومی کے ساتھ آ کے بیٹھا تو رومی نے کہا

یار میں نے کیا کہا ہے۔۔۔ازلان نے ہنستے ہوئے انجان بنتے ہوئے کہا۔۔۔

کیوں کے وہ مجتبیٰ کو ہمیشہ اسی طرح چھیڑتا تھا اور وہ چڑ جاتا تھا اور ازلان اسی بات کے مزے لیتا تھا

آج کا فنکشن بہت مزے کا تھا کافی مزا آیا یونی میں۔۔۔رومی نے ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے چیئر پہ بیٹھتے ہوئے کہا

ہاں۔۔۔ازلان نے جواب دیا اور سائیڈ ٹیبل سے ایک ڈبی نکال کے رومی تک آیا

آئی لو یو مور اینڈ مور۔۔۔ازلان نے اس کے سامنے بیٹھتے ہوئے کہا اور رنگ سامنے کی

تھینک یو۔۔۔رومی نے مسکرا کے کہا اور ہاتھ آگے کر دیا اور ازلان نے اسے رنگ پہنا دی

اور یوں دونوں کی زندگی اسی طرح ایک دوسرے کے ساتھ سے مزید خوبصورت ہو گئی۔۔۔

اپنے ہم سفر سے پیار کا اظہار کرتے رہنا چاہیے اس کے لئے کسی خاص موقع کا ہونا ضروری نہیں ہوتا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Kitab Nagri Special

میرے خیال سے ہر رشتے میں پیار کا اظہار کرتے رہنا چاہیے اس سے زندگی خوبصورت ہو جاتی ہے۔۔۔۔

اور کسی کو کمزور دیکھ کے اس پہ ظلم کرنے کی بجائے اس کمزور کے ساتھی بننیں کی کوشش کیجیے۔۔۔۔کیوں کے ہو سکتا ہے آپ کا رویہ کمزور کو طاقت ور اور ظالم بننیں پہ مجبور کر دے۔۔۔۔

The end🫶

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

Kitab Nagri Special

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Digest

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Kitab Nagri

www.kitabnagri.com